## معذوری کے حامل طالب علموں
## کے والدین/سرپرستوں کے
## ضابطائی حفاظتی اقدام کی اطلاع
## )جنوری 2018 کے مطابق(

ایک معذوری کے حامل طالب علم کے والدین/سرپرست یا معذوری کے حامل بالغ طالب علم کی حیثیت سے جو خاص تعلیم اور متعلقہ خدمات وصول کررہا ہے یا وصول کرنے کا اہل ہے آپ کے کچھ حقوق ہیں جن کو سٹیٹ اور فیڈرل قانون کا تحفظ حاصل ہے۔ جن حقوق کے آپ مستحق ہیں وہ نیچے تحریر ہیں۔ ان حقوق کی پوری تفصیل آپکو اپنے بچے کی اسکول ڈسٹرکٹ سے دستیاب ہیں۔ براہ مہربانی اس دستاویز کا غور سے مطالعہ کیجئے اور اگراپنے بچے کی خدمات یا ضابطائی حفاظتی اقدام کے سلسلے میں جو آپکو حاصل ہیں کچھ پوچھنا چاہیں یا مزید وضاحت کی ضرورت محسوس کریں تو ڈسٹرکٹ سے رابطہ کیجئے۔

ضابطائی حفاظتی اقدام کی اطلاع آپکو سال میں صرف ایک دفعۃ دستیاب ہونی چاہئے، سوائے اسکے کہ

ایک کاپی ابتدائی درخواست برائے تشخیص پر ، تحریری شکایت کی وصولی پر یا الینوئس سٹیٹ کے تعلیمی بورڈ کو شکایت پر پہلی ہونے والی کاروائی پر، ڈسپلینری برطرفی جسمیں پلیسمینٹ کی تبدیلی موجود ہے یا درخواست پر بھی دی جانی چاہئے

آپکے حقوق کے متعلق مزید معلومات ISBE کی ویب سائٹ: https://www.isbe.net/Pages/Special-Education-Parents-of-Students-with-Disabilities.aspx پر ایک دستاویز جسکا عنوان "والدین کا ہدایت نامہ – تعلیمی حقوق و ذمہ داریاں: الینوائے میں خصوصی تعلیم کی تفہیم (06/09) ( Parents' Guide – Educational Rights and Responsibilities: Understanding Special )06/09( Education in Illinois)" میں دستیاب ہیں۔

## تحریری نوٹس سے پہلے

تحریری نوٹس جاری کرنے سے پہلے مقامی ڈسٹرکٹ آپکو مندرجہ ذیل مہیا کرنے کی پابند ہے:

- جب ڈسٹرکٹ کسی ابتدا یا تبدیلی شناخت، ایویلوایشن (تشخیص)، تعلیمی پلیسمینٹ یا مفت، مناسب پبلک تعلیم کی فراہمی کا مشورہ دیتی ہے
- جب ڈسٹرکٹ کسی ابتدا یا تبدیلی شناخت، ایویلوایشن، تعلیمی پلیسمینٹ یا مفت مناسب پبلک تعلیم کی فراہمی کو مسترد کرتی ہے۔
- آپکے بچے کی عمر بلوغت ( 18سال کی عمر) تک پہنچنے سے ایک سال پہلے۔ تمام تعلیمی حقوق والدین/سرپرستون سے طالب علم کو منتقل ہوجاتے ہیں سوائے اس وقت جب اسکا بصورت دیگر تعین نہ کیا گیا ہو

تحریری نوٹس کم سے کم کسی مشورے یا مستردگی سے دس (10) دن پہلے دینا ضروری ہے اور اس میں مندرجہ ذیل چیزیں شامل ہونی چاہئے:

- ڈسٹرکٹ کے کسی عمل کے مشورے یا مستردگی کی وضاحت، ڈسٹرکٹ کی وضاحت کہ کیوں اس عمل کا مشورہ دیا یا مسترد کیا گیا ہے، وضاحت کسی دوسرے انتخاب کی جسے ڈسٹرکٹ قابل غور سمجھے اور وجوہات دے کہ ان کو کیوں مسترد کیا گیا۔
- وضاحت ہر تشخیصی طریقہ کار، ضابطہ عمل، ٹیسٹ یا رپورٹ کی جنکو اسکول نے پیشکش کرنے یا رد کرنے کی وجہ کے طور پر استعمال کیا ہے۔
- وضاحت کسی دوسرے عناصر کی جو ڈسٹرکٹ کے مشورے دینے یا مسترد کرنے کے فیصلہ سے متعلقہ ہیں۔
- بیان کہ آپ کو جائز پروسس کے حقوق ہیں اور، اگر نوٹس ایویلوایشن کے لئے ابتدائی ریفرل نہیں ہے، ذرائعے جن سے ضابطہ تحفظ کی ایک کاپی حاصل کی جاسکتی ہے، اور
- ذرائعے جن سے آپ جائز عمل کے حقوق سمجھنے میں مدد حاصل کر سکتے ہیں۔

نوٹس اس زبان میں لکھا ہوا ہونا چاہئے جو عام پبلک سمجھتی ہے اور آپکی مادری زبان یا کسی دوسرے طریقہ مواصلات میں مہیا کیا جانا چاہئے سوائے اس صورت کے کہ ایسا کرنا بالکل ممکن نہ ہو۔ اگر آپ کی قومی زبان یا دوسرا طریقہ مواصلات تحریری زبان نہیں ہے تو مقامی ڈسٹرکٹ ایسے اقدام کرے گی جس سے یقینی بنایا جائے کہ: (ا) نوٹس کا زبانی طور پر یا کسی اور طریقے سے آپکے قومی زبان یا دوسری مواصلاتی طریقے ترجمہ کیا جائے (ب) کہ آپ کو یہ نوٹس سمجھ میں آجائے، اور (ج) کہ اسکی تحریری ثبوت موجود ہو کہ یہ تقاضے پورے کردئے گئے ہیں۔

## مواد برائے والدین

آپکی مطلع کردہ رضامندی یہ ظاہر کرتی ہے کہ آپ کو تمام متعلقہ معلومات آپکی قومی زبان یا کسی اور طریقہ موصلات میں دیدی گئی ہیں اس سے یہ بھی ظاہر ہوتا ہے کہ آپ ان سرگرمیوں کو سمجھ گئے ہیں اور ان سے تحریری طور پر متفق ہیں۔ مقامی ڈسٹرکٹ پر لازم ہے کہ مندرجہ ذیل حالات میں آپکی مطلع کردہ رضامندی (سٹیٹ کے سرکاری فارموں کو استعمال کرتے ہوئے) حاصل کرے

- ابتدائی ایویلوایش (تشخیص) ۔۔ خاص تعلیمی خدمات کے لئے اہلیت کا جواز پانے کے لئےابتدائی تشخیص کروانا
- ابتدائی خدمات/پلیسمینٹ ۔۔ آپکے بچے کی خاص تعلیم اور متعلقہ خدمات کی ابتدائی فراہمی، یا
- دوبارہ تشخیص ۔۔ آپکے بچے کی دوبارہ تشخیص (ری ایویلوایشن)

دوسری رضامندیاں جو ان سرکاری فارموں کا حصہ نہیں ہیں میں شامل ہیں انسورینش کے فوائد تک رسائی پر رضامندی، آئی ای پی (IEP) کی جگہ آئی ایف ایس پی (IFSP) کے استعمال پر رضامندی اور آپکے بچے کے ریکارڈ شائع کرنے پر رضامندی۔ مزید، مقامی اسکول ڈسٹرکٹ کو آپکے بچے کے فائدہ کی کسی صورت کے لئے آپکی رضامندی لینا ضروری نہیں ہوسکتا سوائے اس ان خدمات یا سرگرمیوں کے جنکے لئے راضی نامہ کی ضرورت ہے۔

اگر آپکا بچہ سٹیٹ کے تحفظ میں ہے اور آپکے ساتھ نہیں رہتا تو ڈسٹرکٹ مناسب کوشش کرے گی کہ آپ کی رضامندی برائے ابتدائی تشخیص حاصل کرے بہرحال ڈسٹرکٹ کو آپکی رضامندی لینے کی ضرورت نہیں اگر مناسب کوششوں کے باوجود ایجنسی آپکا پتہ نہ جان سکے، آپکے حقوق الینوئس قانون کے تحت ختم ہو چکے ہوں، یا آپکے تعلیمی فیصلوں کے حقوق کسی کورٹ کے جج نے الینوئس کے قانون کے تحت ختم کردئے ہو، اور جج کی طرف سے مقررہ فرد نے ابتدائی تشخیص کے لئے رضامندی دے دی ہو۔

موجودہ ڈیٹا کے اسکول ڈسٹرکٹ کے جائزہ سے پہلے جو کسی تشخیص یا دوبارہ تشخیص کا حصہ ہو یا کسی ٹیسٹ یا تشخیص کرنے سے پہلے جو آپکی اسکول ڈسٹرکٹ تمام بچوں کے لئے کررہی ہوآپکی رضا مندی کی ضرورت نہیں، جب تک کہ اس ٹیسٹ یا تشخیصی عمل سے پہلے تمام بچوں کے والدین سے رضامندی کی ضرورت ہو۔

## والدین کی رضامندی کی غیرموجودگی

اگر آپ مندرجہ ذیل کے لئے رضامندی دینے سے انکار کرتے ہیں تو چند صورتوں کا اطلاق ہوتا ہے:

- ابتدائی تشخیص ۔۔ اگر آپ رضامندی فراہم نہیں کرتے یا رضامندی کی درخواست کا جواب نہیں دیتے تو ڈسٹرکٹ ابتدائی تشخیص کو آگے بڑھا سکتی ہے، گو کہ ضروری نہیں کہ ایسا کرے،اور اسکے لئے مصالحاتی ذرئعے اور/یا شنوائی (سماعت) کا طریقہ کار کو استعمال کرسکتی ہے۔

اگر مناسب سماعت شروع ہوتی ہے تو سماعتی افسر اسکول ڈسٹرکٹ کوبغیر رضامندی حاصل کئے ابتدائی تشخیص (ایویلوایشن) کرنے کا حکم دے سکتا ہے۔ یہ بات فیصلے کے خلاف آپکے اپیل کرنے کے اختیار سے مشروط ہے اور آپکا بچہ اپنی موجودہ تعلیمی پلیسمینٹ میں رہے گا جب تک انتظامی یا قانونی کاروائی کا فیصلہ التوا میں رہے گا۔

- ابتدائی خدمات/پلیسمینٹ ۔۔ اگر آپ خاص تعلیم اور/یا متعلقہ خدمات کی ابتدائی فراہمی کے لئے رضامندی دینے سے انکار کرتے ہیں، تو ڈسٹرکٹ یہ خدمات فراہم نہیں کرے گی۔ اسکے علاوہ، ہوسکتا ہے کہ ان خدمات کو مہیا کرنے کا فیصلہ حاصل کرنے کی غرض سے ڈسٹرکٹ مصالحاتی اور سماعتی کاروائی بھی شروع نہ کرے۔

اس صورت میں جب آپ خاص تعلیم اور/یا متعلقہ خدمات کی ابتدائی فراہمی کا راضی نامہ فراہم کرنے سے انکار کریں تو ڈسٹرکٹ کو آپکے بچے کو اپنی مناسب مفت پبلک تعلیم (FAPE) کی فراہمی کے فرض کی خلاف ورزی کرنے والا تصور نہیں کیا جائے گا۔ نہ ہی ڈسٹرکٹ کے لئے ضروری ہوگا کہ آپکے بچے کے لئے آئی ای پی (IEP) کی تشکیل کے لئے کوئی میٹنگ کرے۔

- دوبارہ تشخیص ۔۔ اگر آپ دوبارہ تشخیص کے لئے رضامندی فراہم نہیں کرتے تو ڈسٹرکٹ دوبارہ تشخیص کو آگے بڑھا سکتی ہے، گو کہ ضروری نہیں کہ ایسا کرے،اور اسکے لئے مصالحاتی ذرئعے اور/یا سماعت کے طریقہ کار کو استعمال کرسکتی ہے بہرحال۔ اگر مصالحتی فرد کی مناسب کوششوں کے باوجود آپ رضامندی نہیں دیتے یا فراہم کرنے میں ناکام ہو جاتے ہیں تو اسکول ڈسٹرکٹ دوبارہ تشخیص کو آگے بڑھا سکتی ہے۔ اگر اسکول ڈسٹرکٹ ایسے عمل کو آگے نہ بڑھانے کا انتخاب کرے تو اسکول ڈسٹرکٹ کو آپکے بچے کو مناسب مفت پبلک تعلیم کی فراہمی کے فرض کی خلاف ورزی کرنے والا تصور نہیں کیا جائے
-

## رضامندی کی تنسیخ

اگر آپ کا بچہ خصوصی تعلیم اور متعلقہ خدمات موصول کر رہا ہے، تو آپ کو یہ حق حاصل ہے کہ ان خدمات کے لیے اپنی رضامندی کو کسی بھی وقت منسوخ کردیں۔ آپ رضامندی کو زبانی یا تحریری طور پر بھی منسوخ کر سکتے ہیں۔ اگر آپ اپنی رضامندی کو زبانی طور پر منسوخ کرتے ہیں، تو ڈسٹرکٹ کو چاہیے کہ لازمی طور پر پانچ (5) دنوں کے اندر آپ ک زبانی منسوخی کی تحریری تصدیق مہیا کرے۔ جب آپ رضامندی کو منسوخ کرتے ہیں، خواہ زبانی یا تحریری طور پر، تو ڈسٹرکٹ کے لیے لازمی ہے کہ وہ آپ کی منسوخی کی موصولی کی پیشگی تحریری نوٹس فراہم کرے اور اس میں تاریخ بھی بتائے جب سے یہ خصوصی تعلیم اور متعلقہ خدمات بند ہو جائیں گی۔

ایک بار جب یہ خدمات بند ہو جائیں گی، تو آپ کے بچے کو عمومی تعلیم کا طالب علم سمجھا جائے گا۔ تمام حقوق و ذمہ داریاں جو آپ کے بچہ کی تھیں (جیسا کہ اس دستاویز میں بیان کیا گیا ہے)، بشمول خصوصی تعلیم کے تادیبی تحفظات بھی ختم ہو جائیں گے۔

**نوٹ: آپ کی منسوخی کا اثر یہ ہوگا کہ اس کے نتیجہ میں آپ کے بچے کی تمام خصوصی تعلیم اور متعلقہ خدمات ختم کردی جائیں گی۔ تاہم، اگر آپ اپنے بچہ کو موصول ہونے والی خدمات کی قسم یا مقدار سے غیر متفق ہوں، لیکن یہ چاہتے ہوں کہ آپ کے بچہ کو خصوصی تعلیم و متعلقہ خدمات موصول ہونا جاری رہے، تو براہِ کرم "شکایات کا حل"، "ثالثی"، اور " باضابطہ سماعت" کا سیکشن جس میں خدمات سے عدم اتفاق کی صورت میں آپ کے حقوق بیان کیے گئے ہیں۔**

## والدین کی میٹنگوں میں شراکت

آپ کو اپنے بچے کی شناختی، تشخیصی، اہلیتی اور تعلیمی پلیسمینٹ کے سلسلے میں ہونے والی میٹنگوں میں شرکت کے مواقع کا بھرپور فائدہ **ضرور اٹھانا چاہئے**۔ آپ کی شرکت کو یقینی بنانے کے لئے اسکول ڈسٹرکٹ کو میٹنگ سے دس دن پہلے آپ کو تحریری نوٹس ضرور بھیجنا چاہئے۔ نوٹس میں آپ کو میٹنگ کا مقصد، آپس مین طے شدہ جگہ اور وقت کا تعین اور اس میٹنگ میں شامل ہونے والوں سے مطلع کیا جانا چاہئے۔ آئ ای پی IEP کی میٹنگ میں یہ بیان بھی ہونا چاہئے کہ آپ کو حق حاصل ہے کہ میٹنگ میں اپنے ساتھ ایسے افراد کو IEP میٹنگ میں شرکت کی دعوت دے سکتے ہینجو آپکے بچے سے متعلق خاص علم یا مہارت رکھتے ہیں

والدین کی حیثیت سے آپ اپنے بچے کی آئ ای پی (IEP) میٹنگ کی ٹیم کے ایک اہم رکن ہیں اور آپکی ہمت افزائی کی جاتی ہے کہ میٹنگ میں حصہ لیں جہاں آپکے بچے کی تعلیمی پلیسمینٹ کے بارے میں فیصلے کئے جاتے ہیں۔ بصورت دیگر، اگر آپ میٹنگ میں شریک نہیں ہوسکتے تو اسکول ڈسٹرکٹ کو آپکی شرکت دوسرے طریقوں سے ممکن بنانا چاہئے جیسے انفرادی یا کانفرینس ٹیلیفون کالز۔ آپکے بچے کی خدمات اور پلیسمینٹ کا فیصلہ آئ ای پی (IEP) ٹیم میٹنگ میں آپ کی شرکت کے بغیر بھی کرسکتی ہے، مگر ڈسٹرکٹ کو اسکی کوششوں کا ریکارڈ رکھنا پڑے گا جسمیں متفقہ طے شدہ وقت اور جگہ کے انتظام کی کوششیں، ٹیلیفون کی تفصیل، ٹیلیفون کرنے یا کرنے کی کوشش، اور ان کالز کے نتیجوں، خط و کتابت جو آپ کو بھیجی گئیں اور انکے جوابات، یا تفصیلی ریکارڈ آپ کے کھر یا کام کی جگہ پر آپ سے ملنے آنے کا اور ان میٹنگوں کے نتائج کا ریکارڈ شامل ہے۔

کسی ساڑھے چودہ سال (½ 14) کی عمر یا اس سے کم کے بچے کے لئے اگر آئی ای پی (IEP) ٹیم نے مناسب سمجھا تو نوٹس میں اظہار کیا جائے گا کہ میٹنگ کا ایک مقصد آپکے بچے کی منتقلی کی خدمات کی ضرورت کے بیان کی تشکیل کی جائے اور یہ کہ اسکول ڈسٹرکٹ آپکے بچے کو میٹنگ میں بلائے گی اور اظہار کرے گی کسی دوسری ایجنسی کا، جسکو میٹنگ میں اپنا نمائندہ بھیجنے کی دعوت دی جائے گی۔
ڈسٹرکٹ کو ضروری اقدام کرنے چاہئے آپ اور آپ کا بچہ یقینی طور پر میٹنگ کی کاروائی کو سمجھ سکیں، جسمیں اگر آپکا بچہ گونگا ہے تو انٹرپریٹر کا انتظام، اور اگر آپکی زبان انگریزی نہیں، تو مترجم کا انتظام بھی شامل ہے۔

آئی ای پی (IEP) ٹیم کو کم سے کم سال میں ایک دفعہ ضرور ملنا چاہئے اور ہر سال کے شروع میں آپکے بچے کے لئے ایک آئی ای پی (IEP) ضرور بنانا چاہئے۔ سالانہ میٹنگ کے بعد آپ اور اسکول اس بات پر متفق ہوسکتے ہیں کہ آپکے بچے کی آئ ای پی (IEP) میں تبدیلیاں کرنے کے لئے آئی ای پی (IEP) میٹنگ نہ بلائی جائے بلکہ اس کے عوض آئی ای پی (IEP) کو تحریری دستاویز کے ذریعے تبدیل کیا جائے۔ آئ ای پی ٹیم کے ارکانوں کو تبدیلیوں کے بارے میں اطلاع دینا ضروری ہے۔ کسی بھی وقت آپ آئ ای پی کی میٹنگ کی درخواست کر سکتے ہیں جو اسوقت ہو جب آپ اور اسکول دونوں کے لئے اسمیں آسانی ہو۔

## تشخیص کا طریقہ عمل

آپکے بچے کی تشخیص کرتے وقت آپ کی اسکول ڈسٹرکٹ کو مختلف قسم کے تشخیصی آلات (ایویلوایشن ٹولز) اور حکمت عملی (سٹیٹیجیز) استعمال کرنے چاہئے اس تشخیص میں آپکے بچے کو ان تمام میدانوں میں جانچنا ضروری ہے جو مشتبہ معذوری سے متعلقہ ہیں۔ اسکول ڈسٹرکٹ کو ٹیکنیکلی درست اور قابل بھروسہ آلات اور طریقے استعمال کرنے چاہئے جو آپکے بچے کے خلاف نسل، کلچر، زبان یا معذوری کی بنا پر تعصب زدہ نہ ہو۔ مواد اور طریقہ عمل اس زبان اور شکل میں فراہم اور ایڈمنسٹر ہونا چاہئے جو ایسی درست معلومات فراہم کرے جن سے آپکا بچہ واقف ہے اور جن پر کام کر سکے۔

### ابتدائی تشخیص

آپ یا اسکول ڈسٹرکٹ بچے کی ابتدائی تشخیص کرنے کی درخواست دینے میں پہل کرسکتے ہیں۔ اگر تشخیص (ایویلوایشن) کو ضروری خیال کیا گیا تو ڈسٹرکٹ کو آپکے تحریری رضامندی پر دستخط کرنے کے بعد زیادہ سے زیادہ 60 اسکول دنوں میں ضروری تشخیص مکمل کرنی چاہئے۔ اگر آپ کے ذریعہ رجامندی دینے کے بعد اسکولی سال میں 60 سے کم دن بچے ہوں، تو اہلیت کا تعین کیا جائے گا اور آئندہ اسکولی سال کے پہلے دن آئی ای پی میٹنگ مکمل کی جائے گی۔

تشخیص تجربہ کار ماہرین کی ٹیم کو کرنی چاہئے اور اس میں آپ کی ان پٹ بھی شامل ہونی چاہئے۔ اگر یہ نتیجہ نکلا کہ آپ کے بچے کو پڑھنے، ریاضی یا انگریزی میں محدود روانی کی وجہ مناسب انسٹرکشن کا نہ ملنا ہے تو اسکو معذوری کے حامل کے بچے کے طور پر تسلیم نہیں کیا جائے گا۔

اگر کوئی ڈسٹرکٹ تشخیص کا انعقاد کرنے میں ناکام رہتا ہے، تو آپ ایک غیر جانب دارباضابطہ سماعت

میں اس ناکامی کی اپیل کر سکتے ہیں اور ریاست کے شکایات کے طریقہ کار میں اس ناکامی پر غور کرنے کی درخواست کر سکتے ہیں، یا ثالثی کی درخواست کر سکتے ہیں۔

**دوبارہ تشخیص**

ابتدائی تشخیص کے بعد کم سے کم ہر تیسرے سال اسکول کو لازم ہے کہ آپکے بچے کی دوبارہ تشخیص کرے، سوائے اس صورت کے کہ آپ اور اسکول نے یہ طے کرلیا ہو کہ اسکی ضررت نہیں ہے۔

**آزادانہ تعلیمی تشخیص**

آزادانہ تعلیمی تشخیص کا مطلب ہے کہ تشخیص ایک ہنریافتہ فرد کرے، جسے آپ نے چنا ہو اور جو آپ کی اسکول ڈسٹرکٹ میں ملازم نہ ہو

اگر آپ مقامی ڈسٹرکٹ سے حاصل شدہ تشخیص سے متفق نہیں تو آپ کو حق ہے کہ پبلک کے خرچہ پر آزادانہ تعلیمی تشخیص کو حاصل کریں۔ جب آپ اسکول ڈسٹرکٹ کو آزادانہ تشخیص کے لئے ادائیگی کرنے کی درخواست کرتے ہیں تو اسکول کو لازم ہے کہ یا تو اسکے لئے اخراجات ادا کرے یا اسکے لئے بلا تاخیر مناسب سماعت کی درخواست کرے یہ ثابت کرنے کے لئے کہ کی ہوئی تشخیص ہی درست ہے۔ اسکول ڈسٹرکٹ آپ سے پوچھ سکتی ہے کہ آپ کو تشخیص پر کیا اعتراض ہے مگراس بنا پر کہ اسے آپکی وضاحت چاہئے، تشخیص سے غیرضروری طور پر تاخیر یا انکار نہیں کرسکتی

اگر ڈسٹرکٹ آزادانہ تعلیمی تشخیص کے لئے خرچ ادا کرنے کے لئے تیار ہو جاتی ہے تو اسے آپکی درخواست پر آپکو یہ معلومات فراہم کرنا ہونگی کہ آزادانہ تعلیمی تشخیص کہاں سے حاصل کی جا سکتی ہے۔ جب کبھی بھی آزادانہ تعلیمی تشخیص پبلک خرچے پر کی جائے تو ضروری ہے کہ اسکے جانچ کے اصول وہی ہونے چاہئے، بشمول تشخیص کے مقام اور ممتحن کی ہنرمندی کے جیسے ڈسٹرکٹ ابتدائی تشخیص کے لئے استعمال کرتی ہے۔

اگر ڈسٹرکٹ سماعت شروع کرتی ہے اور سماعتی افسر تشخیص کا حکم جاری کرتا ہے تو یہ تشخیص پبلک خرچ پر ہونی چاہئے۔ اگر سماعتی افسر کا حتمی فیصلہ ہو کہ ڈسٹرکٹ کی تشخیص مناسب ہے، تو پھر بھی آپ کو اپنے خرچے پر آزادانہ تعلیمی تشخیص کرانے کا حق حاصل ہے۔

اگر آپ آزادانہ تعلیمی تشخیص پرائیویٹ خرچے پر کرواتے ہیں تو اسکے نتیجے کولازم ہے کہ ڈسٹرکٹ آپکے بچے کو مفت مناسب تعلیم کی فراہمی کے سلسلے میں زیر غور رکھے۔ آپ آزادانہ تعلیمی تشخیص کو ثبوت کے طور پر کسی سماعت میں بھی پیش کر سکتے ہیں۔

سرکاری یا پرائیویٹ اخراجات پر منعقد کی جانے والی ایک آزادانہ تشخیص کی موصولی کے 10 دننوں کے اندر ڈسٹرکٹ تحریری نوٹس فراہم کرے گا جس میں وہ تاریخ بیان کی ہوگی جس دن آئی ای پی ٹیم کی میٹنگ نتائج پر غور کرنے کے لیے ہوگی۔

**پرائیویٹ اسکول پلیسمینٹ**

اس سیکشن میں آپ کے بچے کے حقوق درج ہیں جب آپ رضاکارانہ طور پر اسے پرائیویٹ اسکول میں رکھتے ہیں۔

پرائیویٹ اسکول میں رکھنا جب ایف اے پی ای (**FAPE**) کوئی مسئلہ نہ ہو

تمام بچے جو معذوری کے حامل ہیں، جو سٹیٹ میں رہائش پذیر ہیں اور جنکو خاص تعلیم اور متعلقہ خدمات درکار ہیں، بشمول ان بچوں کے جو پرائیوٹ اسکولوں میں ہیں، انکو لوکیٹ کرنا، انکی شناخت کرنا اور انکی تشخیص (ایویلوایشن) کرنا ضروری ہے۔ اس پروسس کی جو چائلڈ فائنڈ (*Child Find*) کہلاتا ہے ذمہ داری پبلک اسکول ڈسٹرکٹ کی ہے جہاں آپکے بچے کا پرائیویٹ یا ہوم اسکول واقع ہے۔ اگر آپ کے بچے کو خاص تعلیمی خدمات کا اہل پایا گیا تو چائلڈ فائنڈ (Child Find) میں تین سالہ دوبارہ

تشخیص (reevaluation) کا حق شامل ہے۔ شناخت اور دوبرہ تشخیص کے حقوق جن کا ذکر اس دستاویز میں ہے اسکا اطلاق اس صورت میں بھی ہوتا ہے جب آپ اپنے بچے کو پرائیویٹ اسکول میں رکھتے ہیں۔

بہر حال، جب آپ اپنے بچے کو جسے کوئی معذوری ہے پرائیویٹ اسکول میں رکھتے ہیں تو آپکا بچہ خاص تعلیم یا متعلقہ خدمات حاصل کرنے کا حق نہیں رکھتا جو اسے دستیاب ہوتے اگر وہ پبلک اسکول میں داخل ہوتا۔ پرائیویٹ اسکول میں داخلہ کے دوران کچھ خاص تعلیمی خدمات آپکے بچے کو حاصل ہو سکتی ہیں مگر انکی قسم اور مقدار محدود ہوگی جسکا دارومدار اس بات پر ہے کہ وہاں کا پبلک اسکول جہاں آپکے بچے کا پرائیویٹ اسکول واقع ہے پرائیویٹ اسکولوں کے طلبا کو اپنی خدمات دینے کا فیصلہ کیسے کرتا ہے۔ اسکول کا فیصلہ پرائیویٹ اسکول کے نمائندوں اور پرائیٹ اسکول کے معذور بچوں کے والدین کے گروہ سے بات چیت کے بعد لیا جاتا ہے۔ اسکول یہ تعین کرتا ہے کہ اس محدود فنڈز کو جو پرائیویٹ اسکول کی خدمات کے لئے مخصوص ہے، کس طرح استعمال کیا جائے۔ اگر پبلک اسکول آپکے بچے کو کسی قسم کی خدمات فراہم کرنے کو تیار ہے تو ایک سروس پلان تشکیل دینا ضروری ہے۔ سروس پلان میں ہدف ہونا چاہئے اور وہ تمام اجزا جو عام آئی ای پی (IEP) میں ہیں جو آپ کے بچے اور پیش کردہ خدمات کے لئے مناسب ہیں۔

پرائیویٹ اسکول میں رکھنا جب ایف اے پی ای (**FAPE**) ایک مسئلہ ہو

اگر آپ اپنے بچے کو غیر پبلک پرائمری یا سیکنڈری اسکول میں اس وجہ سے داخل کراتے ہیں کہ آپ کو یقین تھا کہ مناسب مفت پبلک تعلیم فراہم نہیں کی جارہی، تو مندرجہ ذیل کا اطلاق ہوتا ہے:

- کورٹ یا سماعتی افسر ڈسٹرکٹ کو داخلے کے اخراجات آپکو واپس کرنے کی ہدایت کرسکتا ہے اگر یہ بات پائی گئی کہ ڈسٹرکٹ نے اسکول میں اندراج سے پہلے بروقت مناسب مفت پبلک تعلیم کی فرہمی کو ممکن نہیں بنایا تھا۔

سماعتی افسر کی طے شدہ واپسی کی رقم میں کمی یا انکار کیا جاسکتا ہے:

- اگر حالیہ ترین آئی ای پی (IEP) میٹنگ میں کو اپنے بچے کو پبلک اسکول سے نکالنے سے پہلے، آپ نے آئ ای پی (IEP) ٹیم کو اس بات کی اطلاع نہیں دی کہ آپ نے ڈسٹرکٹ کی طرف سے دئیے ہوئے پلیسمینٹ کو مسترد کیا تھا، بشمول اپنے بچے کو غیر پبلک اسکول میں داخل کروانے کی اپنی فکر اور ارادے کے۔

- اگر اپنے بچے کو پبلک اسکول سے نکالنے سے دس (10) بزنس دن (بشمول چھٹیوں کے جو بزنس دنوں میں آئیں) پہلے آپ نے ڈسٹرکٹ کو کوئی نوٹس اوپر لکھی ہوئی معلومات کی اطلاع دینے کے لئے نہیں دیا۔

- اگر پبلک اسکول سے اپنے بچے کو نکالنے سے پہلے، اسکول ڈسٹرکٹ نے آپکو آپکے بچے کی تشخیص کرنے کے ارادے سے مطلع کیا تھا، مگر آپ نے بچے کو ایسی تشخیص کے لئے نہیں بھیجا۔

- عدالتی دریافت پر کہ آپ کا عمل نا معقول تھا۔

واپسی کی رقم کو ایسا نوٹس نہ دینے پر کم یا مسترد **نہیں** کیا جاسکتا اگر:

- والدین/سرپرست انگریزی پڑھ اور سمجھ نہیں سکتے
- نوٹس کے تقاضوں کی تکمیل سے آپ کے بچے کو جسمانی یا سنجیدہ جذباتی نقصان پہنچنے کا احتمال ہو۔
- اسکول نے آپکو ایسا نوٹس دینے سے باز رکھا ہو، یا
- آپ کو نوٹس کی اوپر بیان شدہ تقاضوں سے آگاہ نہیں کیا گیا تھا۔

## معذوری کے حامل طلبا کا نظم و ضبط

اگر آپکے بچے کا طورطریقہ اسکے یا دوسروں کے سیکھنے کے عمل میں خلل انداز ہو رہا ہے، تو آپکے بچے کی آئ ای پی (IEP) کی تشکیل میں طورطریقے سکھانے اور مدد دینے کے لائحہ عمل کو شامل کرنے پر توجہ دینی ہوگی۔ اگر آپ کا بچہ طلباء کے ضابطۂ اخلاق کی خلاف ورزی کرتا ہے، تو اسکول کے اہلکار اسے اس کی موجودہ پلیسمینٹ سے برطرف کرسکتے ہیں۔

**کم عرصے کی برطرفی (اسکولی سال کے دوران 10 اسکولی دنوں سے کم)**

**اگر آپکا بچہ طلبا کے کوڈ کی خلاف ورزی کرتا ہے**، تو اسکول کا عملہ اسے ایک اسکول سال میں اسکی موجودہ پلیسمینٹ سے ہٹا سکتا ہے دس (10) یا اس سے کم عرصے کے لئے اسکول ڈسٹرکٹ پر ایسی برطرفی کے دوران تعلیمی خدمات فراہم کرنا ضروری نہیں سوائے اس صورت کے جب اسی قسم کے معاملوں میں معذوری کے بغیر بچوں کو یہ خدمات دی جاتی ہو۔

**طویل معیادی برطرفی (ایک اسکولی سال میں کل 10 دن یا اس سے زائد)**

ایک اسکول سال کے دوران مجموعی طور پر دس (10) دن کی برطرفی پلیسمینٹ میں تبدیلی کے ساتھ یا اسکے بغیر جاری رہ سکتی ہے۔ جسکا انحصار اس بات پر ہے کہ ان برطرفیوں کی نوعیت کیا تھی، اور ان جزیات کی بنیاد پر ہے جیسے: ہر برطرفی کی لمبائی، مجموعی وقت جب آپکا بچہ ایک اسکول سال میں برطرف رہا اور ہر برطرفی کے درمیان وقفے کا عرصہ۔

جب ایک دفعۃ تادیبی برطرفی کا مجموعہ دس (10) دن ہوجائے تو اسکول ڈسٹرکٹ کو تعلیمی خدمات کی فراہمی کو جاری رکھنا چاہئے۔ اسکول کے عملے کو آپکے بچے کے کم سے کم ایک ٹیچر کے ساتھ مشورہ کرکے ضرور تعین کرنا چاہئے کہ کس حد تک خدمات کی ضرورت ہے جو آپکے بچے کو عام تعلیمی نصاب میں حصہ لینے کے قابل بنائے، اگرچہ کسی دوسری ترتیب میں، اور برطرفی کے دوران آئی ای پی میں طے کئے ہوئے اہداف کو حاصل کرنے کے لئے۔

ایک اسکول سال میں مجموعی طور پر دس اسکول دنوں سے زیادہ کی تادیبی برطرفی پر اسکول کے ارکان اختیار پلیسمینٹ میں تبدیلی پر غور کرسکتے ہیں۔ اگر ایسا ہوتا ہے تو اسکول ڈسٹرکٹ کو اپنے فیصلے سے آپ کو آگاہ کرنا ہوگا اور آپ کو ضابطہ تحفظ کی ایک کاپی اسی دن فراہم کرنی ہوگی جس دن برطرفی کا فیصلہ کیا جائے گا۔ اسکول کے عملے کو آپکے بچے کے کم سے کم ایک ٹیچر کے ساتھ مل کر اس بات کا تعین کرنا ہوگا کہ برطرفی کے دوران کس حد تک آپکے بچے کو تعلیمی خدمات کی ضرورت ہے۔ آپکے بچے کو جیسا مناسب ہوگا ایک عملی طورطریقہ کا اندازہ اور طورطریقہ کی مداخلاتی سروسز اور ترمیمات فراہم کی جائیں گی جو ان طورطریقوں کو ٹھیک کرنے کے لئے بنائی گئی ہیں تاکہ وہ دوبارہ پیش نہ آئیں۔ اسکے علاوہ، جتنی جلدی ممکن ہو، مگر برطرفی کا فیصلہ کرنے کے دس (10) اسکول دن سے زیادہ نہیں، ایک آئ ای پی میٹنگ ضرور کرنی چاہئے جسکا مقصد مظاہرہ تحدید کا جائزہ لینا ہو۔

مظاہرہ تحدید کا جائزہ (MDR)

جب مظاہرہ تحدید کے جائزہ کا انعقاد کیا جائے تو آئ ای پی ٹیم کو آپکے بچے کی فائل میں موجود تمام متعلقہ معلومات، بشمول بچے کی آئ ای پی، سٹاف کا مشاہدہ، اور آپکی فراہم کی ہوئی متعلقہ معلومات کو سامنے رکھنا چاہئے۔ آئی ای پی ٹیم تعین کرے گی کہ:

- کیا طرزعمل بچے کی معذوری کی وجہ سے ہوا یا اسکا اس معذوری سے کوئی بلاواسطہ یا ٹھوس تعلق تھا، یا
- کیا طرزعمل اس بات کا بلاواسطہ نتیجہ تھا کہ اسکول ڈسٹرکٹ آپکے بچے کی آئی ای پی پر عمل پیرا ہونے میں ناکام رہی۔

اگر ٹیم یہ تعین کرے کہ اوپر کے بیانوں میں سے کسی ایک کا اطلاق آپکے بچے پر ہوتا ہے تو آپکے بچے کے طرزعمل کو اسکی معذوری کا مظاہرہ تصور کیا جائے گا۔

**ا ا. معذوری کا مظاہرہ**

اس بات کا تعین کرنے کے بعد کہ آپکے بچے کا طرزعمل اسکی معذوری کا مظاہرہ تھا، آئی ای پی ٹیم کو چاہئے کہ:

- ایک منصبی طرزعمل کا تجذیہ کروائے اور طرزعمل مداخلاتی منصوبہ پر عمل کرے، اگر اسکول دسٹرکٹ پہلے ہی ایسا تجذیہ اس طرزعمل کو معین کرنے سے پہلے جسکی وجہ سے پلیسمینٹ ظہور میں آئی نہیں کرچکی ہو۔
- ایسی صورت میں جب طرزعمل مداخلاتی منصوبہ پر عمل ہورہا ہو، اس طرزعمل مداخلاتی منصوبے کا جائزہ لیا جائے اورنیا منصوبے کو ضرورت کے مطابق ڈھالا جائے جو طرزعمل پر اثرانداز ہو، اور
- آپکے بچے کو اس پلیسمینٹ میں واپس بھیج دے جہاں سے اسے ہٹایا گیا تھا سوائے اسکے کہ آپ اور اسکول ڈسٹرکٹ پلیسمینٹ کی تبدیلی پر متفق ہوجائیں، اس سے مستثنیٰ ہے وہ طالب علم ہے جسکو ڈرگز، ہتھیاروں اور/یا سنجیدہ جسمانی زخموں کی وجہ سے عارضی متبادل تعلیمی ماحول میں منتقل کیا ہو (عارضی متبادل تعلیمی ماحول پر مزید معلومات کے لئے نیچے دیکھئے)

**ب . معذوری کا مظاہرہ نہیں ہے**

اگر اس بات کا تعین کیا جائے کہ آپکے بچے کے طرزعمل کا اسکی معذوری سے **تعلق نہیں** ہے تو معقول تادیبی کاروائی اسی طرح کی جاسکتی ہے جیسی اس قسم کے طرزعمل کی صورت میں ان طلبا کے لئے کی جاتی ہے جن کو کوئی معذوری نہیں ------ **بجز اسکے** کہ معذوری کے حامل والے طالب علم کو مفت مناسب تعلیم کی فراہمی جاری رکھی جائے گی اگر اسکول سال میں دس (10) اسکول دنوں سے زیادہ کے لئے ہٹایا گیا۔

اگر مقامی ڈسٹرکٹ ٹھوس تادیبی کاروائی کرتی ہے جسکا اطلاق سب طلبا پر ہوتا ہے تو ڈسٹرکٹ کو اطمینان کرلینا چاہئے کہ آپکے بچے کا خاص تعلیمی اور تادیبی ریکارڈ بھی اس فرد (ان افراد) کو منتقل کیا جائے جو آخری تادیبی فیصلہ کرنے والے ہیں

**غیر جانبدار جلدی عملِ سماعت**

اگر آپ کسی تادیبی پلیسمینٹ یا مظاہرہ تحدید کے جائزے سے متفق نہیں ہیں تو آپ کو جلدی سماعت کے عمل کی درخواست کرنے کا حق حاصل ہے۔ آپ کی تحریری درخواست پر مقامی ڈسٹرکٹ یا آئی ایس بی ای (ISPE) کو جلدی سماعت کا انتظام کرنا ہوگا

اسکے علاوہ اگر اسکول ڈسٹرکٹ کو یقین ہو کہ آپکے بچے کو اسکی موجودہ پلیسمینٹ میں رکھنے سے یقینی طور پر اسکے یا دوسرے بچوں کے زخمی ہونے یا نقصان ہونے کا خطرہ ہے تو اسکول آپکے بچے کی عارضی متبادل تعلیمی ماحول میں پلیسمینٹ کے لئے جلدی سماعت کی درخواست کرسکتا ہے سماعتی افسر پلیسمینٹ کا حکم دے سکتا ہے اگرچہ آپکے بچے کا طرزعمل اسکی معذوری کا مظاہرہ ہی ہو۔

جلدی سماعت درخواست دینے کے 20اسکول دنوں کے اندر اندر ہونی چاہئے اور اسکا نتیجہ سماعت کے بعد دس (10) اسکول دنوں میں ہوجانا چاہئے۔

عارضی متبادل تعلیمی ماحول (**IAES**)

عارضی متبادل تعلیمی ماحول ایک مختلف مقام ہے جہاں تعلیمی خدمات ایک معینہ مدت کے لئے تادیبی وجوہات کی بنا پر فراہم کی جاتی ہیں۔ اس ماحول کاتعین آئی ای پی (IEP) ٹیم کرے گی اور اسے اسطرح منتخب کیا جانا چاہئے کہ آپکا بچہ دوسری جگہ ہوتے ہوئے بھی جنرل نصاب میں اپنی ترقی جاری رکھ سکے اور اسے وہی خدمات اور بہتریاں ملتی رہیں جن میں وہ سب بھی شامل ہو جو موجودہ آئی ای پی میں شامل ہیں اور جن سے آئی ای پی (IEP) کے ہدف حاصل ہوسکے گے۔ متبادل ماحول میں وہ خدمات اور گنجائش بھی شامل ہونی چاہئے جو طرز عمل کوجسکی وجہ سے یہ قدم اٹھایا گیا ہے ٹھیک کرنے میں معاون ہو۔

اسکول کا عملہ آپکے بچے کو اسکی موجودہ تعلیمی پلیسمینٹ سے ہٹا کر عارضی متبادل تعلیمی ماحول میں بغیر آپکی رضامندی کے بھیج سکتا ہے اگر وہ:

- اسکول یا اسکول کے کسی فنکشن میں ہتھیار لے کر آتا ہے
- جانتے بوجھتے ہوئے اسکول میں یا اسکول کے فنکشن میں ہوتے ہوئے غیر قانونی منشیات رکھتا یا بیچتا یا بیچنے کی التجا کرتا ہوا پایا جائے۔
- کسی دوسرے شخص کو اسکول میں یا اسکول کے فنکشن میں موجودگی کے دوران سنجیدہ جسمانی نقصان پہنچاتا ہے۔

اس بات سے قطع نظر کہ طرزعمل اسکی معذوری کی وجہ سے ہے یا نہیں اسکا عارضی متبادل تعلیمی ماحول میں ہٹایا جانے کی مدت 45اسکول دنوں سے زیادہ نہیں ہوسکتی۔

اگر آپ فیصلے سے متفق نہیں ہیں اور جلدی سماعت کی درخواست کرتے ہیں تو آپکا بچہ سماعت کی کاروائی ہونے تک عارضی متبادل ماحول ہی میں رہے گا: جب تک سماعت مکمل نہ ہوجائے، آپ اور اسکول ڈسٹرکٹ کسی اور حل پر متفق نہ ہوجائیں یا جبتک 45دن کی مدت پوری نہ ہو جائے۔ اسکول ڈسٹرکٹ بعد میں جلدی سماعت کروانے کی اور متبادل پلیسمینٹ کی درخواست کر سکتی ہے اگر 45 اسکول دن کی مدت ختم ہونے کے بعد بھی اسکول ڈسٹرکٹ یہ سمجھتی ہے کہ آپکا بچہ اب بھی خطرناک ہے۔

**ان طلبا کا تحفظ جو ابھی تک خاص تعلیم اور متعلقہ خدمات کے اہل نہیں**
اگر آپکا بچہ خاص تعلیم کے لئے اہل نہیں پایا گیا مگر اسکول ڈسٹرکٹ کے علم میں ہے کہ آپکا بچہ طرزعمل سے پہلے جسکی وجہ سے تادیبی عمل لیا گیا معذور ہوگیا تھا، تو آپ تادیبی کاروائی میں اسی تحفظ کا حق جتا سکتے ہیں جو ایک معذورطالب علم کو حاصل ہے۔
یہ سمجھا جاتا ہے کہ اسکول ڈسٹرکٹ کو معذوری کا علم تھا اگر:

- آپ آپ نے تحریری طور پر (یا زبانی اگر والدین/سرپرست پڑھ اور لکھ نہیں سکتا) اس بات کا اظہار کیا تھا کہ آپکے بچے کو خاص تعلیم اور متعلقہ خدمات کی ضرورت ہے۔
- آپکے بچے کے طرزعمل سے یا اسکول پرفورمینس سے خاص تعلیم کی ضرورت ظاہر ہوتی ہو۔
- آپ نے یہ دیکھنے کے لئے کہ آپکے بچے کو خاص تعلیم کی ضرورت ہے کہ نہیں تشخیص کی درخواست کی تھی، یا
- آپکے بچے کے ٹیچروں میں سے کسی نے یا ڈسٹرکٹ سٹاف میں سے کسی نے خاص تعلیمی خدمات کی درخواست خاص تعلیم کے ڈائریکٹر یا کسی اور مناسب ڈسٹرکٹ کے عملے کو کی ہو۔

یہ سمجھا جاتا ہے کہ اسکول ڈسٹرکٹ کو معذوری کا علم نہیں تھا اگر:

- اگر آپ نے بچے کی تشخیص کی اجازت نہیں دی تھی
- آپ نے خدمات مسترد کردی تھیں،
- تشخیص ہوئی تھی اور یہ پایا گیا تھا کہ آپکا بچے کو کوئی معذوری نہیں ہے، یا
- اس بات کا تعین ہوا تھا کہ آپکے بچے کو تشخیص کی ضرورت نہیں اور آپکو اس سے تحریری طور پر مطلع کردیا گیا تھا۔

اگر طالب علم کے خلاف تادیبی کاروائی سے پہلے، مقامی ڈسٹرکٹ کو کوئی علم نہیں تھا کہ طالب علم ایک معذوری کا شکار ہے، تو طالب علم وہی تادیبی کاروائی پائے گا جو ان طلبا کے لئے ہے جو معذوری کے بغیر ہیں اور مشابہ قسم کی حرکت کے مرتکب ہیں۔

تشخیص کی درخواست جواس اس دورانیے میں کی جائے جب طالب علم تادیبی کاروائی کے تحت ہو جلدی طریقہ کار پر کرنی چاہئے۔ بہرحال، طالب علم تشخیص کا نتیجہ ّنے تک اسکول کے ارباب اختیار کے متعین شدہ تعلیمی پلیسمینٹ میں ہی رہے گا۔ اگر تشخیص کی بنیاد پر طالب علم کو معذوری کے حامل پایا گیا تو مقامی ڈسٹرکٹ کو مناسب خاص تعلیم اور متعلقہ خدمات فراہم کرنا چاہئے۔

**قانون نافذ کرنے والوں اور عدالتی حکام کے حوالے کرنا اور انکا عمل**

مقامی ڈسٹرکٹ یا دوسری ایجنسیوں کو اس بات کی ممانعیت نہیں کہ اگر معذوری کے حامل طالب علم کسی جرم سرزد ہونے کا ذمہ دار ہو تو وہ اسکی رپورٹ مناسب حکام کو کریں۔ اسکے علاوہ، سٹیٹ کے قانون نافذ کرنے والوں اور عدالتی حکام کو معذوری کے حامل طالب علم کے جرم کے سلسلے میں اپنی ذمہ داریاں پوری کرنے کے لئے فیڈرل اور سٹیٹ کے قانون کو استعمال کرنے پر کوئی ممانعیت نہیں۔

مقامی ڈسٹرکٹ یا دوسری ایجنسیاں معذوری کے حامل طالب علم کے جرم کی رپورٹ کرتے وقت اس بات کو یقینی بنائیں کہ طالب علم کی خاص تعلیم اور تادیبی ریکارڈ کی ایک کاپی متعلقہ حکام کو پیش نظر رکھنے کے لئے بھیجیں۔

## شکایات کا حل

سوالات جن کا تعلق طالب علم کی تعلیمی پلیسمینٹ یا مفت پبلک تعلیم کی فراہمی کے معاملات سے ہے مقامی اسکول ڈسٹرکٹ کو بھیجے جانے چاہئے۔

آپ دستخط شدہ تحریری شکایت ISBE کے پاس فائل کروا سکتے ہیں جسمیں یہ دعویٰ کیا ہو کہ آپکے معذوری کے حامل بچے یا بہت سے ایسے بچوں کے حقوق کی خلاف ورزی کی گئی ہے۔ حسب دستور شکایت میں مندرجہ ذیل معلومات کا شامل ہونا ضروری ہے:

- بیان، یہ الزام لگاتے ہوئے کہ ایک ذمہ دار سرکاری ادارہ نے خصوصی تعلیم کے تقاضوں کی خلاف ورزی کی ہے۔
- وہ حقائق جو اس بیان کی بنیاد ہیں
- اسمیں مبتلا طلبا کے نام اور پتے اور انکے اسکولوں کے نام اور پتے
- دستخط اور استغاثہ سے رابطہ کرنے کی معلومات
- مسئلہ کی نوعیت کا بیان، بشمول مسئلہ سے متعلقہ حقائق؛ اور
- مسئلہ کے حل کا مشورہ، معلوم حد تک

بیان میں بیان حلفی ہونا چاہئے کہ خلاف ورزی شکایت وصول ہونے کی تاریخ سے ایک سال سے زیادہ عرصے پہلے نہیں ہوئی۔ وہ شکایت جو مذکورہ بالا تقاضوں کو پوری کرتی ہو، موصول ہونے کے 60 دنوں کے اندر ISBE مندرجہ ذیل اقدام کرے گا:

- ایک آزادانہ آن-سائٹ تحقیق انجام دے گا اگر آئی ایس بی ای ISBE اسے ضروری سمجھے؛
- آپ کو الزام کے سلسلے میں مزید معلومات جمع کرانے کا موقعہ دے گا
- تقاضہ کرے گا کہ عوامی ادارہ جو کہ شکایت کا موضوع ہے، شکایت کا جواب جمع کرے۔ عوامی ادارہ اپنا جواب اور دیگر تمام دستاویزات، ہماری ایجنسی کو شکایت موصول ہونے کی تاریخ سے زیادہ سے زیادہ 45 دنوں کے اندر ISBE کو اور آپ، یا فرد یا ادارہ جس نے شکایت درج کرائی ہو اسے جمع کرے گا۔
- شکایت پر عمل درآمد کے دوران، عوامی ادارہ کو موقع دے گا کہ وہ شکایت کو حل کرنے کے لئے کوئی تجویز دے اور/یا آپ کو مصالحت یا جھگڑے کو حل کرنے کے متبادل ذرائع کی پیشکش کرے گا۔
- تمام متعلقہ معلومات کا جائزہ لے گا اور اس بات کا تعین کرے گا کہ آیا ڈسٹرکٹ نے خاص تعلیمی ضروریات کی خلاف ورزی کی ہے یا نہیں
- ایک تحریری فیصلہ دے گا جس میں ہر الزام کو پرکھا جائے گا اور اسمیں حقائق اور نتیجے، ISBE کے فیصلوں کی وجوہات اور انکی درستگی کرنے کے احکامات شامل ہونگے۔

یہ تمال عمل 60 دن کے وقت میں زیرعمل لائے جائیں گے اگر غیرمعمولی حالات کی وجہ سے اس وقت کو بڑھانا نہ پڑے یا اگر آپ اور ڈسٹرکٹ جھگڑا چکانے کے لئے کسی اور طریقے میں ملوث نہیں ہیں مثلاً مصالحت۔

اگر ایسی شکایت درج کروائی جاتی ہے جس میں ایک یا زائد مسئلے ایسے ہیں جو کسی قانونی سماعت کا بھی حصہ ہیں تو اس سماعت کے مکمل ہونے تک شکایت کا وہ حصہ التوا رہے گا۔ اس کے علاوہ، اگر کسی مسئلہ کا پہلے کسی قانونی سماعت میں فیصلہ ہوچکا ہے جس میں یہی پارٹیاں فریق تھیں، تو سماعت کا فیصلہ ہی لاگو ہوگا اور اس مسئلے پر شکایت کے حل کے عمل میں زیر تفتیش نہیں لایا جائے گا۔

## مصالحت

الینوئس مصالحتی سروس کو خاص تعلیم اور متعلقہ خدمات کے بچوں کے لئے مناسب ہونے کے سلسلے میں ہونے والی نااتفاقیوں کو حل کرنے کا ذریعہ بنانے کے لئے قائم کیا گیا ہے۔ آپ مصالحت کی درخواست کرسکتے ہیں چاہے قانونی سماعتی عمل زیر سماعت ہو یا نہیں مگر مصالحت کو قانونی

سماعتی عمل کو تاخیر دینے یا مسترد کرنے کے لئے استعمال نہیں بنایا جاسکتا۔ آپ اور اسکول دسٹرکٹ دونوں کو *رضاکارانہ طور پر* مصالحتی عمل میں حصہ لینا چاہئے۔ اس مصالحتی سروس کا انتظام اور سپرویژن ISBE کرتی ہے اور آپ کو اور اسکول ڈسٹرکٹ کو یہ سروس بلا کسی قیمت کے مہیا کی جاتی ہے

ثالثی کا عمل ماہر اور غیرجانبدار ثالث کرتا ہے جو اثرپذیر ثالثیتی طریقوں میں تربیت یافتہ ہے اور جسے خاص تعلیم اور متعلقہ خدمات کی فراہمی کے قانون و قوائد کا اچھا علم ہے۔ ثالث ایک غیرجانبدار تیسری پارٹی ہے اور اسکا کوئی اختیار نہیں کہ وہ کسی فریق کو کسی بات پر عمل کرنے پر مجبور کرے۔

حصہ لینے والوں کی تعداد عموماً تین افراد فی پارٹی تک محدود ہوتی ہے۔ آپ کسی اٹورنی، وکیل، مترجم اور کسی دوسرے متعلقہ فرد کو اپنے ساتھ لا سکتے ہیں۔ بات چیت جو ثالثی کے دوران ہو صیغہ راز میں رہیں گے اور ثبوت کے طور پر انکا استعمال *کسی بعد میں ہونے والی قانونی سماعت یا سول پروسیڈنگ* میں نہیں ہوسکتا ۔

آپ کو ثالثی کے دوران اپنے بچے کی قابلیت کے بارے میں بنیادی یقین کو چھوڑنے کو نہیں کہا جائے گا بلکہ آپ سے کہا جائے گا کہ: )ا( متبادل باتوں پر غور کریں جو آپکے بچے کے پروگرام میں شامل کی جا سکیں، )ب( ان فکرون کو سنیں جن کا اظہاردوسری پارٹی نے کیا ہے، اور )ج( اپنے بچے کی قابلیت اور مقامی ڈسٹرکٹ کی ذمہ داریوں اور ذرائعے کے بارے میں حقیقت پسند ہوں۔

اگر آپ کسی جھگڑے کو ثالثی عمل سے حل کرلیتے ہیں تو ایک سمجھوتا زیر تحریر لایا جائے گا اور دونوں پارٹیاں اور اسکول دسٹرکٹ کا ایسا نمائندہ اس پر دستخط کرے گا، جسکے پاس ایسے پروگرام کو کرنے کا اختیار ہے۔ یہ سمجھوتا قانونی طور پر لازم ہے اور ریاستہائے متحدہ کے کسی بھی باختیار سماعت کی مجاز ریاستی عدالت میں یا ضلعی عدالت میں قابل نفوذ ہے۔

بچے کی تعلیمی تفویض کو تبدیل کرنے کی کسی ڈسٹرکٹ کی تجویز کو چیلینج کرتے ہوئے والدین کی ثالثی کی درخواست پر اسی اسکول میں "برقرار رکھنے" کی شرائط کا اطلاق ہوگا۔ "برقرار رکھنے" کی تفویض فریقین کے مابین آخری متفقہ تفویض ہوگی۔ ایسی صورت میں جب کوئی فریق ثالثی کا استعمال کرنے سے منع کرے، تو والدین (یا طالب علم اگر اس کی عمر 18 سال یا اس سے زائد ہو یا قانونی، سماجی، سیاسی طور پر آزاد ہو) کو تفویض کو "برقرار رکھنے" کے لیے مناسب سماعت کی کارروائی کی درخواست کرنے سے انکار کرنے کی تاریخ سے 10 دنوں کی مہلت دستیاب ہوگی۔ اگر ثالث فریقین کے درمیان تنازعہ کو حل کرنے میں ناکام رہتا ہے، تو والدین (یا طالب علم اگر اس کی عمر 18 سال یا اس سے زائد ہو یا قانونی، سماجی، سیاسی طور پر آزاد ہو) کو تفویض کو "برقرار رکھنے" کے لیے مناسب سماعت کی کارروائی کی درخواست کرنے کے لیے ثالثی کے اختتام کے بعد سے 10 دنوں کی مہلت دستیاب ہوگی۔

[illegible] ہونے والی ایڈمنسٹریٹیو یا سول پروسیڈنگ مین پیش کرنے کی اجازت نہیں سوائے ثالثی کو نوٹ کروانے کے لئے جو واقعی ہوئی اگر آپ ثالثی [illegible] رابطہ کیجئے ڈیویژن آف سپیشل ایجوکیشن سروسز، الینوئس سٹیٹ بورڈ آف ایجوکیشن ٹیلیفون 217 782 5589- پر یا ٹول فری برائے والدین 866 262 6663-پر۔

| واجب قانونی سماعت |
|---|

**واجب قانونی سماعت کی درخواست کرنا**

ثالثی اور سٹیٹ کے شکائتی طریقہ کار کو استعمال کرنے کے علاوہ آپ کو یہ حق بھی ہے کہ غیرجانبدار قانونی سماعت کی درخواست کریں۔ واجب قانونی سماعت ایک قانونی پروسس ہے جس میں ایک سماعتی افسر ثبوت اکھٹے کرتا ہے اور دونوں طرف سے، آپ سے اور اسکول ڈسٹرکٹ کی طرف سے، شہادتیں سنتا ہے اور انکی بنیاد پر قانونی طور پر واجب فیصلہ کرتا ہے۔ آپ یا اسکول دسٹرکٹ میں سے کوئی بھی، طالب علم کی تبدیلی شناخت، تشخیص یا تعلیمی پلیسمینٹ میں تبدیل شروع کرنے یا ڈسٹرکٹ کی مفت

مناسب پبلک تعلیم کی فراہمی سے متعلقہ معاملے میں، ڈسٹرکٹ کی تجویز یا مستردی کے خلاف، قانونی سماعت کے لئے پہل کرسکتا ہے،

سماعت کی درخواست تحریری طور پر ڈسترکٹ کے سپرنٹینڈینٹ کو دینی چاہئے جسمیں آپ اور آپ کے بچہ رہتا ہے اور اسمیں مندرجہ ذیل معلومات شامل ہونی چاہیئے۔

- طالب علم کا نام اور پتہ
- اسکول کا نام
- اس مسئلے کی وضاحت جسکی آپ شکایت کررہے ہیں اور جو تجویز شدہ آغاز یا تبدیلی سے متعلق ہے، بشمول مسئلے سے متعلقہ حقائق، اور
- مسئلہ کا تجویز کردہ حل اس حد تک جس حد تک والدین کو اس وقت تک معلوم اور دستیاب ہے

سماعت کی درخواست ملنے کے 5 اسکول دنوں کے اندر ڈسٹرکٹ ISBE سے بذریعہ سرٹیفائیڈ میل رابطہ کرے گی درکواست کرنے کی غرض سے کہ ایک غیرجانبدار سماعتی افسر مقرر کیا جائے۔ ایک نمونہ کا درخواستی فارم برائے قانونی سماعت، گزارش کرنے پر دستیاب ہونا چاہئے۔

آپکے سماعت کے لئے درخواست فائل کرنے کے 5 کیلنڈر دنوں کے اندر آپ کو اجازت ہے کہ تبدیل شدہ سماعت کی درخواست داخل کرسکتے ہیں جن میں وہ مسائل اٹھائے گئے ہوں، جو پہلی سماعتی درخواست میں نہیں اٹھائے گئے۔ پانچ کیلینڈر دن گذر جانے کے بعد، آپ کو سماعتی درخواست میں تبدیلی کی اجازت صرف ڈسٹرکٹ کے ساتھ یا باختیار سماعتی افسر کے ساتھ سمجھوتے سے ہوگی۔ اگر آپ تبدیل شدہ سماعت کی درخواست فائل کرتے ہیں جس میں ایسے مسئلے اٹھائے گئے ہیں جو ابتدائی درخواست میں نہیں تھے، تو آپ کو سماعت کا وقت شروع سے گننا شروع کرنا پڑے گا اور نئے ریزولوشن سیشن اور سماعت سے پہلے کی کانفرینسیں مکمل کرنی پڑے گی۔

**ریزولوشن میٹنگز (حل کے لئے ملاقاتیں)**

گیرجانبدار واجب سماعت سے پہلے ڈسٹرکٹ آپکے اور IEP کے متعلقہ ارکان کے ساتھ، جنکو واجب سماعت کی درخواست میں شناخت شدہ حقائق کا خاص علم ہے، میٹنگ طلب کرے گا۔ اس ریزولوشن میٹنگ کا مقصد آپکے لئے اپنی سماعت کی درخواست پر بات چیت کرنا ہے اور حقائق جو درخواست کی بنیاد ہیں تاکہ اسکول ڈسٹرکٹ کو اختلافات حل کرنے کا موقع ملے۔

ریزولوشن میٹنگ :

- طلب ہوگی ڈسٹرکٹ کے سماعت کی درخواست ملنے کے نوٹس کے 15دن کے اندر،
- شامل کرے گی ڈسٹرکٹ کے نمائندے کو جس کے پاس فیصلہ کرنے کا اختیار ہو،
- ڈسٹرکٹ اٹورنی کو شامل نہیں کرے گی جب تک کہ آپ بھی ایک اٹورنی کے ساتھ ہو،
- آپکو اجازت دے گی کہ اپنی سماعت کی درخواست پر بات چیت کریں۔

آپ اور ڈسٹرکٹ آپس میں تحریری طور پر ریزولوشن میٹنگ سے دست کش ہونے پر متفق ہو سکتے ہیں یا تحریری طور پر اوپر وضاحت کئے ہوئے ثالثی کے عمل کے لئے متفق ہو سکتے ہیں۔ ازراہ مہربانی نوٹ کیجئے کہ اگر ریزولوشن میٹنگ ناکامیاب ثابت ہوتی ہے تو آپ ثالثی کو بعد کی تاریخ میں استعمال کرسکتے ہیں۔

اگر میٹنگ میں کسی حل تک پہنچ جاتے ہیں تو پارٹیوں کو ایک قانونی سمجھوتا بنانا چاہئے جسے دونوں، آپ اور ڈسٹرکٹ کا نمائندہ دستخط کرے، جسکے پاس ڈسٹرکٹ کو پابند کرنے کے اختیار ہیں۔ یہ دستخط شدہ سمجھوتا عام طور پر ریاستہائے متحدہ کے کسی بھی اختیار سماعت کی مجاز ریاستی عدالت میں یا ضلعی عدالت میں قابل نفوذ ہے۔ اسکے باوجود، کوئی فریق اس سمجھوتے کو دستخط کرنے کے تین (3) بزنس دنوں کے اندر، دوسرے فریق کو سمجھوتا ختم کرنے کے اپنے ارادہ کا ایک تحریری نوٹس دیتے ہوئے اس سمجھوتے کو ختم کرسکتا ہے۔

اگر اسکول ڈسٹرکٹ قانونی سماعت کی درخواست کو آپکے اطمینان کے مطابق حل نہیں کرسکی تو درخواست وصول ہونے کے تیس (30) دن کے اندر واجب قانونی سماعت شروع ہوجائے گی۔ قانونی سماعت کے وقت کی گنتی اس تیس (30) دن کی معیاد ختم ہونے پر شروع ہوجائے گی۔

سوائے اس صورت میں جب آپ اور اسکول ڈسٹرکٹ نے مل کر ریزولوشن میٹنگ کو چھوڑنے کا فیصلہ ثالثی کو استعمال کرنے کے حق میں کیا اور جہاں آپ نے قانونی سماعت کی درخواست فائل کروائی ہے، باقی صورتوں میں ریزولوشن میٹنگ میں شرکت نہ کرنے کی وجہ سے ریزولوشن پروسس اور قانونی سماعت میں وقتی تاخیر ہوگی جب تک کہ میٹنگ نہ ہوجائے۔ غیرمعمولی صورتوں میں سماعتی افسر آپکے سماعت کو خارج بھی کرسکتا ہے اگر وہ یہ تعین کرے کہ آپ نے جان بوجھ کر ڈسٹرکٹ کی ریزولوشن سیشن طلب کرنے کی کوششوں میں رکاوٹیں ڈالی ہیں۔

**غیرجانبداروواجب قانونی سماعتی افسر کی تقرری**

ایک غیرجانبدار سماعتی افسر ISBE کی طرف سے سماعت کے لئے مقرر کیا جائے گا۔ سماعتی افسر کسی ایسی ایجنسی کا ملازم نہیں ہوسکتا جو آپکے بچے کی تعلیم یا دیکھ بھال میں ملوث ہو اور کوئی ایسی ذاتی یا پیشہ ورانہ دلچسپی نہ رکھتا ہو جو سماعت کے مقاصد سے متصادم ہو۔

حق کے طور پر واجب قانونی سماعت کے ایک فریق کو ایک سماعتی افسر کو تبدیل کرنے کی اجازت ہوگی۔ اسکے لئے آپکو سماعتی افسر کی تقرری کی اطلاع ملنے کے 5دن کے اندر ISBE کو سماعتی افسر کو بدلنے کی تحریری درخواست کرنی ہوگی۔ اس صورت میں کہ آپ اور ڈسٹرکٹ ایک ہی دن تحریری درخواستیں جمع کرائیں اور وہ ایک ہی وقت میں وصول ہو تو ISBE اس درخواست پر تبدیلی کے لئے غور کرے گی جو اس فریق کی طرف سے آئی ہوگی جس نے سماعت کی درخواست کرنے میں پہل کی تھی۔ دوسرے فریق کا تبادلی کے حق کو مکمل طرح سے تحفظ حاصل ہوگا۔ جب سماعت کا ایک فریق تبادلہ کی مناسب درخواست جمع کراتا ہے، تو ISBE ایک دوسرے سماعتی افسر کو تین (3) دن کے اندر منتخب کرے گی اور اسکا تقرر کردے گی۔

جب تقرر شدہ سماعتی افسر دستیاب نہ ہو یا وہ اپنے آپ کو اس سے پہلے کہ اسکی تقرری کی اطلاع فریقین کو دی جائے، تو ISBE ایک نیا سماعتی افسر مقرر کردے گی۔

**قبل از سماعت کانفرینس**

**اگر آپ اور ڈسٹرکٹ کسی سمجھوتے تک پہنچنے میں ریزولوشن کے عمل کے ذریعے کامیاب نہیں ہوتے، تو قانونی سماعت کی ضروریات شروع ہو جائیں گی۔** جب تک سماعتی افسر کی طرف سے وقت کی لمبائی میں جائز توسیع منظور نہیں ہوتی، سماعت کا فیصلہ ریزولوشن سیشن کے، اوپر وضاحت شدہ، طریقہ کار کے بند ہونے کے **45**دن کے اندر ہوجانا چاہئے۔ **سماعت شروع کرنے سے پہلے سماعتی افسر کو فریقین کے ساتھ ایک قبل از سماعت میٹنگ کرنی چاہئے۔**

آئی ایس بی ای (ISBE) کی طرف سے تحریری نوٹیفیکیشن وصول کرنے کے 5 دن میں، تقرر شدہ سماعتی افسر کو فریقین سے قبل از سماعت کانفرینس کا وقت اور جگہ طے کرنے کے لئے رابطہ کرنا چاہئے۔ سماعتی افسر کی ایما پر، آپ اور ڈسٹرکٹ، دونوں کے مشورے سے، قبل از سماعتی کانفرینس ٹیلیفون پر یا شخصی طور پر کی جاسکتی ہے۔ قبل از سماعتی کانفرینس میں، آپ اور ڈسٹرکٹ، سے امید کی جاتی ہے کہ وہ مندرجہ ذیل باتیں ظاہر کریں:

1) سماعت میں ممکن اختلافی سوالات
2) گواہ جن کو سماعت میں بلایا جا سکتا ہے،
3) ان دستاویزات کی فہرست جنکو کیس پیش کرنے کے لئے سماعت میں داخل کیا جا سکتا ہے۔

براہ مہربانی یہ نوٹ کریں کہ اگر آپ قبل از سماعت کانفرینس میں ایسے مسائل اٹھاتے ہیں جو آپکی سماعت کی درخواست میں شامل نہیں ہین، تو آپ کو ایک تبدیل شدہ درخواست دینے کی ضرورت پڑ سکتی ہے اور اسکے لئے ایک نئے ریزولوشن سیشن کو مکمل کرنے اور بعد میں قبل از سماعت کانفرینس کے

مرحلے سے گذرنا ہوگا۔ تبدیل شدہ سماعت کا نتیجہ سماعت میں تاخیر کا باعث ہوسکتا ہے۔ ("واجب قانونی سماعت کی درخواست کرنا" اوپر دیکھئے)

قبل از سماعت کانفرینس کے آخر میں سماعتی افسر کو کانفرینس کی رپورٹ تیار کرنا چاہئے اور اسے سماعت کے ریکارڈ میں داخل کرنا چاہئے۔ رپورٹ میں مندرجہ ذیل باتیں شامل ہونی چاہئے، گو اس تک محدود رہنے کی ضرورت نہیں"

- مسائل، انکو پیش کرنے کی ترتیب، اور کوئی شیڈول کا ردوبدل جو فریقین یا گواہوں کے لئے بنایا گیا ہو،
- دستاویزات یا گواہوں کا رشتہ اور ماہیت کا تعین، اگر کسی فریق یا سماعتی افسر کی طرف سے اٹھایا گیا ہو، اور
- مقرر کئے ہوئے (یا متفق ہوئے) حقائق کی فہرست جیسا کہ قبل از سماعت کانفرینس میں زیر بحث آئے۔

## سماعت سے پہلے کے حقوق

آپ کو حق ہے کہ:

- کونسل اور ایسے افراد کو ساتھ لانے اور ان سے مشورے کرنے کا جن کو معذوری کے حامل طلبا کا خاص علم ہو،
- اسکول کے تمام ریکارڈ جن کا تعلق طالب علم سے ہے دیکھنے اور انکا جائزہ لینے کا اور ایسے ریکارڈ کی کاپیاں لینے کا
- آزاد تشخیص کرنے والوں کی ڈسٹرکٹ کی فہرست تک رسائی کا اور اپنے خرچے پر آزادانہ تشخیص کروانے کا
- سماعت سے کم سے کم 5دن پہلے کسی ثبوت کو متعارف کرانے کا،
- کسی بھی مقامی اسکول ڈسٹرکٹ کے ملازم یا دوسرے فرد کو حاضری پر مجبور کرنے کا، جسے طالب علم کی ضوریات، اہلیت، تجویزشدہ پروگرام، اسٹیٹس سے متعلق معلومات ہو،
- سماعت کے دوران مترجم کی موجودگی کی درخواست کرنے کا،
- ایڈمنسٹریٹیو اور قانونی پروسیڈنگ کے مکمل ہونے تک طالب علم کی پلیسمینٹ اور اہلیت کے سٹیٹس کو قائم رکھنے کا،
- ڈسترکٹ کے مظاہرہ تحدید یا ڈسٹرکٹ کے طالب علم کو عارضی متبادل تعلیمی ماحول میں ہٹائے جانے سے متفق نہ ہونے پر اپنے بچے کی پلیسمینٹ کی تبدیلی پر جلدی سماعت کا مطالبہ کرنے کا۔

## سماعت کے دوران حقوق

آپ کو حق ہے کہ:

- آپ کو غیرجانبدار اور درست سماعت میسر ہو
- اس بات کے موقع کا کہ آپ تنازع میں اٹھنے والے مسائل کو تقویت دینے اور واضح کرنے کے لئے ضروری ثبوت، شہادتیں، اور دلائل پیش کرسکیں،
- سماعت کو پبلک کے لئے بند کروائیں۔
- اپنے بچے کو سماعت کے دوران موجود رکھیں۔
- گواہوں کا سامنا کریں اور ان سے سوالات کریں، اور
- ایسے ثبوت کو متعارف ہونے سے روکیں جو سماعت سے کم سے کم 5دن پہلے ظاہر نہیں کیا گیا۔

## سماعت

آئ ایس بی ای (ISBE) اور سماعتی افسر کو یہ بات یقینی بنانی چاہئے کہ سماعت کی درخواست ملنے کے 45 دن کے اندر سماعت کروائی جائے سوائے اس صورت کے جب سماعتی افسر نے وقت میں خاص توسیع کردی ہو۔ سماعت کے خاتمہ کے دس (10) دن کے اندر سماعتی افسر کو تحریری فیصلہ جاری کرنا چاہئے، جسمیں تنازع کے مسائل، ثبوتوں اور پیش کردہ شہادتوں کی بنا پر حقوق کی دریافتیں، اور سماعتی افسر کے قانون اور فرمان کے مطابق فیصلہ درج ہونا چاہئے۔ سماعتی افسر کے لئے ضروری ہے کہ سماعتی درخواست میں اٹھائے ہوئے مسائل پر حدود تعین کرے (سوائے اسکے کہ فریقین نے سماعت سے پہلے معاملہ طے کرلیا ہو)، اسی طرح پورے معاملے کا تعین کرے کہ کیا ڈسٹرکٹ نے اس کیس کے حقائق کی بنیاد پر طالب علم کو مفت مناسب پبلک تعلیم فراہم کی یا نہیں۔

**جلدی سماعت**

جیسا کہ اوپر وضاحت کی گئی ہے (دیکھئے "معذوری کے حامل طلبا کا نظم و نسق")، جلدی سماعت کی درخواست دی جا سکتی ہے جب آپ اپنے بچے کے موجودہ تعلیمی پلیسمینٹ سے طرز عمل کی بنیاد پر ہٹائے جانے کے ڈسٹرکٹ کے فیصلے سے متفق نہ ہو۔ جلدی ہونے والی سماعت میں عام ہونے والی سماعت کے ساتھ بہت سی مشابہت ہے، مگر کچھ فرق بھی ہے۔ عام سماعت سے بنیادی فرق مندرجہ ذیل ہیں:

- ریزولوشن سیشن، جلدی سماعت کی درخواست فائل کرنے کے سات (7) دن کے اندر ہونا لازمی ہے۔
- سماعت کی درخواست فائل کرانے کے بیس (20) اسکول دنوں میں سماعت ہونا ضروری ہے۔
- سماعت کا فیصلہ سماعت ختم ہونے کے دس (10) اسکول دنوں میں ہو جانا چاہئے۔
- سماعتی افسر کی تبدیلی کی درخواست نہیں کی جاسکتی۔

**وضاحت کی درخواست**

فیصلہ جاری ہونے کے بعد سماعتی افسر پورے کیس پر اختیار جاری رکھے گا ضرف اس مقصد کے لئے کہ حتمی فیصلے کی کسی بھی فریق کی طرف سے ہونے والی وضاحت کی درخواست پر اسکی وضاحت فراہم کرسکے۔ آپ آخری فیصلے کی وضاحت کی تحریری درخواست فیصلے کے ملنے کے بعد 5دن کے اندر سماعتی افسر کو دے سکتے ہیں۔ وضاحت کی درخواست میں فیصلے کے ان حصوں کی نشان دہی کرنا ضروری ہے جسکی وضاحت درکار ہے۔ اسکی کاپی تمام فریقین کو جو سماعت میں شامل تھے بھیجنا ضروری ہے۔ سماعتی افسر کو چاہئے کہ فیصلے کے ان مخصوص حصوں کی وضاحت جاری کرے یا درخواست کو تحریری طور پر درخواست ملنے کے دس (10) دن کے اندر مسترد کردے۔

**فیصلہ پر اپیل کرنا**

واجب قانونی سماعت کے بعد، فریق کو جو سماعتی افسر کے آخری فیصلے سے مطمئین نہیں حق ہے کہ سول ایکشن شروع کرے۔ سول ایکشن کو کسی بھی باختیار سماعت کی مجاز سٹیٹ کورٹ یا یونائٹڈ اسسٹیٹ ڈسٹرکٹ کورٹ میں فیصلے کی کاپیوں کے ڈاک سے فریقین کو بھیجنے کے بعد 120دن کے اندر لایا جاسکتا ہے۔ ایسے ایکشنوں کو فائل کرنے کا طریقہ کار اس کورٹ کے کلرک کے آفس سے مل سکتے ہیں جہاں فائلنگ کروانی ہے۔

**پلیسمینٹ کو رکوانا**

کسی واجب قانونی سماعت کے یا کسی عدالتی کاروائی کے زیر سماعت عرصے میں آپ کا بچہ اسکی موجودہ تعلیمی پلیسمنٹ میں اہلیت کے سٹیٹس کے ساتھ رہنا چاہئے اور خاص تعلیم اور متعلقہ خدمات جو سماعت کی درخواست کی فائلنگ کے وقت تھیں اسے ملتی رہنی چاہئے۔ بہرحال، اگر ڈسٹرکٹ کسی تادیبی وجہ سے طالب علم کی پلیسمینٹ کو تبدیل کردے اور یہ پلیسمینٹ جلدی سماعت کا باعث ہو، تو ڈسٹرکٹ کی نئی پلیسمینٹ جلدی سماعت کے آخری فیصلہ ہونے تک برقرار رہے گی۔ (براہ مہربانی، اوپر دیکھئے، "معذوری کے حامل طلبا کا نظم و نسق")

**عدالتی مختار (اٹورنی) کی فیس کی ادائیگی**

کسی ایکشن یا پروسیڈنگ میں جو معذوری کے حامل افراد کی تعلیم کا قانون ( Individual with Disabilities Education Act) کے تحت لائی گئی ہو، سماعت کا مجاز کورٹ معقول قسم کی اٹورنی فیس اداکرسکتا ہے۔ اٹورنی کی فیس وہ فیس ہے جو آپکے اٹورنی نے عدالتی سماعت کی کاروائی میں آپکے مفاد کی نمائندگی کرتے ہوئے مول لی ہیں (ان میں بلالائنسس کے وکیل یا دوسرے غیراٹورنی نمائندے شامل نہیں) ۔ کورٹ ایسی فیسیں ادا کرسکتا ہے:

- معذوری کے حامل والے طالب علم کے والدین یا سرپرست کو جو مروجہ فریق ہو،

- مروجہ فریق کو جو ریاستی تعلیمی ایجنسی یا ڈسٹرکٹ ہو، والدین کے اٹورنی کے مقابلے میں جس نے شکایت یا بعد میں آنے والا ایکشن کیس فائل کروایا ہو جو غیرسنجیدہ، نامعقول یا بغیر کسی بنیاد کے ہو۔
- مروجہ ریاستی تعلیمی ایجنسی یا ڈسٹرکٹ کو والدین کے اٹورنی کے یا والدین کے خلاف، اگر والدین کی شکایت یا بعد کی ایکشن کی وجہ (cause of action) نامناسب غرض کے لئے پیش کیا گیا، جیسے تنگ کرنے، غیرضروری تاخیر پیدا کرنے یا بلا ضرورت قانونی کاروائی کے اخراجات بڑھانے کے لئے۔

فیس کی ادائیگی ان ریٹ پر منحصر ہے جو اس کمیونٹی میں جہاں سے ایکشن یا پروسیڈنگ اٹھائی گئی ہے، اور جو اس قسم اور اس کوالٹی کی سروس کے لئے عام ہیں۔ اٹورنی کی فیس کو کورٹ کئی اجزا کی بنیاد پر گھٹا بھی سکتا ہے جیسے نامعقول ریٹز، بلا ضرورت طول کھینچی ہوئی کاروائی، یا فریقین کے درمیان سمجھوتے کی موجودگی۔ آپ پر زور دیا جاتا ہے کہ ان معاملوں پر اپنے اٹورنی سے بات کریں۔

## تعلیمی قائم مقام والدین

ایک مقیم طالب علم کے داخلے پر، مقامی اسکول ڈسٹرکٹ کو چاہئے کہ وہ بچے کے والدین سے رابطہ کرنے کی معقول کوشش کرے، جسکا کیس انہیں بھیجا گیا ہے یا جسے خاص تعلیم اور متعلقہ خدمات کی ضرورت ہے۔ اگر والدین کی شناخت نہ ہوسکے یا تلاش نہ کئے جاسکیں یا بچہ ریاست کے تحفظ میں کسی رہائشی سہولت میں رہائش پذیر ہے اور اگر رہائشی سہولت گاہ نے اب تک ایسا نہیں کیا ہو، اس سہولت گاہ کا ایک نمائندہ ایک تعلیمی قائم مقام والدین کو ISBE مقرر کرنے کی درخواست پیش کرے گا تاکہ بچے کے تعلیمی حقوق کا تحفظ یقینی بنایا جا سکے۔ا اگر بچہ ریاست کے تحفظ میں ہے تو قائم مقام والدین کو بچے کی نگرانی کرنے والا جج مقرر کرسکتا ہے۔ تنہا بے گھر طالب علم کے کیس میں ڈسٹرکٹ قائم مقام والدین کا تقرر کرے گی۔ فوسٹر ہوم میں رہنے والے بچے یا رشتہ دار کی نگرانی میں رہنے والے بچے کے لئے تعلیمی قائم مقام والدین کی تقرری کی ضرورت نہیں۔ فوسٹر والدین یا نگران رشتہ دار انکے گھروں میں مقیم بچوں کی تعلیمی ضروریات کی نمائندگی کریں گے۔

اگر آپکا اسکول آپکو قائم مقام والدین مقرر کرتا ہے، تو اس دستاویز میں نیچے دئے ہوئے تمام حقوق آپکے ہیں۔ آپ کسی پبلک ایجنسی کے ملازم نہیں ہوسکتے جو تعلیم یا بچوں کی نگرانی میں ملوث ہو، آپ بچے کے ساتھ کوئی مفادات کا تصادم نہیں رکھ سکتے، اور آپکو بچے کی معقول نمائندگی کرنے کا ضروری علم اور مہارت ہونی چاہئے۔ اگر آپ کسی رہائشی سہولت میں ملازم ہیں تو آپ کسی بچے کے تعلیمی قائم مقام والدین منتخب ہو سکتے ہیں جو رہائشی سہولت میں رہتا ہے اگر وہ سہولت بچے کو صرف غیر تعلیمی نگرانی مہیا کررہی ہے۔

ایک تعلیمی قائم مقام والدین بچے کی تمام معاملات میں نمائندگی کرسکتے ہیں جو شناخت، تشخیص، تعلیمی پلیسمینٹ اور مفت مناسب پبلک تعلیم کی فراہمی سے متعلقہ ہیں۔

## تعلیمی ریکارڈ

مقامی ڈسٹرکٹ آپ کے بچے کے تعلیمی ریکارڈ کو ضیغہ راز میں رکھنے کی ذمہ دار ہے۔ والدین کی حیثیت سے آپ کو حق ہے کہ آپ اپنے بچے کے کسی بھی تعلیمی ریکارڈ کا جائزہ لے سکیں، جو ڈسٹرکٹ نے اکھٹا کیا، برقرار رکھا یا استعمال کیا ہے۔ تعلیمی ریکارڈ کے جائزہ لینے کی درخواست کو ڈسٹرکٹ بغیر کسی غیرضروری تاخیر کے تسلیم کرے گی اور میٹنگ سے پہلے جو شناخت، تشخیص یا طالب علم کی پلیسمینٹ سے متعلق ہوگا، ہرصورت میں درخواست ملنے کے بعد 15 اسکول دنوں میں اسے ممکن بنائے گی۔ تعلیمی ریکارڈ کا جائزہ لینے میں مندرجہ ذیل چیزیں شامل ہیں۔

- ذمہ داراسکول ڈسٹرکٹ سے ریکارڈ کی وضاحت اور تشریح کی معقول درخواست کے جواب طلب کرنے کا حق

- اپنے نمائندہ سے ریکارڈ کا جائزہ کروانے کا حق

- اسکول ڈسٹرکٹ سے تعلیمی ریکارڈ کی کاپیوں کو حاصل کرنے کی درخواست اگر ان کاپیوں کے بغیر آپ کو تعلیمی ریکارڈ کا جائزہ لینے کے حق کو اس مقام پر جہاں وہ عام طور پر رکھا جاتا ہے استعمال کرنے میں دشواری ہے۔

مقامی اسکول ڈسٹرکٹ یہ قیاس کرتی ہے کہ آپ کو اپنے بچے کے ریکارڈ کا جائزہ لینے کا اختیار ہے سوائے اس وقت کے جب اسکول ڈسٹرکٹ کو یہ ہدایت ملی ہو کہ آپ کو یہ اختیار اُس ریاستی قانون کے تحت نہیں ہے، جو سرپرستی، علیحدگی اور طلاق جیسے معاملات کو نبھاتے ہیں۔

اگر کسی تعلیمی ریکارڈ میں ایک سے زیادہ بچوں کے متعلق معلومات شامل ہیں تو آپ کو صرف اپنے بچے کے متعلق معلومات کو دیکھنے کی اجازت ہوگی یا ان مخصوص معلومات کے متعلق آپ کو بتا دیا جائے گا۔

درخواست کرنے پر آپ کو اسکول ڈسٹرکٹ تعلیمی ریکارڈ کی قسموں اور مقامات کی فہرست مہیا کرنے کی پابند ہے جو ڈسٹرکٹ اکھٹا کرتی اور محفوظ رکھتی ہے۔

**ریکارڈ تلاش کرنے، دوبارہ حاصل کرنے اور نقلیں بنانے کی فیس**

اسکول ڈسٹرکٹ معلومات تلاش کرنے یا دوبارہ حاصل کرنے کی فیس نہیں لیتی۔ مگر اسکول ڈسٹرکٹ آپ سے اس ریکارڈ کی جسکی نقلیں بنائی گئی ہیں فیس وصول کرسکتی ہے جو $0.35فی صفحہ سے زیادہ نہیں ہو سکتی اگر فیس کی وجہ سے آپ کو ان ریکارڈوں کو دیکھنے اور انکا جائزہ لینے کے حق کے استعمال میں رکاوٹ نہیں ہے۔

**رسائی کا ریکارڈ**

ڈسٹرکٹ صرف آپ کی رضامندی سے ریکارڈ کو عام کرسکتی ہے سوائے اسکے کہ بصورت دیگر فیڈرل قانون اسکی اجازت دیتا ہو۔ اسکول ڈسٹرکٹ ان فریقین کا ریکارڈ رکھ سکتی ہے جنہوں نے اکھٹا کئے ہوئے، برقرار رکھے ہوئے یا استعماال کئے ہوئے تعلیمی ریکارڈ تک رسائی حاصل کی (سوائے والدین اور مقامی ڈسٹرکٹ کے باختیار ملازمین کے)، بشمول پارٹی کا نام، رسائی کی تاریخ، مقصد جسکے لئے پارٹی کو ریکارڈ استعمال کرنے کا اختیار ہے۔

**والدین کی درخواست پر ریکارڈوں میں ترمیم**

اگر آپ کو یقین ہے کہ بچے کے ریکارڈ میں معلومات درست نہیں یا گمراہ کن یا بچے کے حقوق کو پامال کرنے والی ہیں تو آپ اسکول ڈسٹرکٹ سے ریکارڈ میں ترمیم کے لئے کہ سکتے ہیں۔ اسکول ڈسٹرکٹ آپ کی درخواست کی وصولی کے بعد 15 اسکول دنوں میں فیصلہ کرتی ہے کہ کیا وہ معلومات میں ترمیم کرے۔ اگر ڈسٹرکٹ معلومات میں درخواست کے مطابق ترمیم کرنے سے انکار کرتی ہے تو اسے اس انکار سے آپکو مطلع کرنا چاہئے اور آپ کو ریکارڈوں کی سماعت کے لئے آپکے حقوق سے آگاہ کرنا چاہئے، جیسا کہ نیچے بتایا گیا ہے۔

اسکول ڈسٹرکٹ کو چاہئے کہ، آپکی درخواست پر آپکو ریکارڈوں کی سماعت کے لئے موقع فراہم کرے جسمیں آپ ان معلومات کو چیلنج کرسکیں جو آپکے بچے کے ریکارڈ میں ہیں۔ یہ واجب قانونی سماعت نہیں ہے اور ISBE کے مقررکردہ سماعتی افسر کے سامنے نہیں ہوتی، بلکہ یہ مقامی سطح پر ہونے والی سماعت ہے۔

اگر سماعت برائے ریکارڈز کے نتیجے میں یہ فیصلہ ہو کہ معلومات غلط، گمراہ کن یا بچے کے حقوق کو پامال کرنے والی ہیں تو اسکول ڈسٹرکٹ کو معلومات میں ترمیمات کرنی ہونگی اور آپکو تحریری طور پر مطلع کرنا ہوگا کہ ایسا ہوچکا ہے۔

اگر سماعت برائے ریکارڈز کے نتیجے میں یہ فیصلہ ہوتا ہے کہ معلومات غلط، گمراہ کن اور بچے کے حقوق کو پامال کرنے والی نہیں ہیں تو اسکول ڈسٹرکٹ کو آپکو اپنے بیان دینے کے حق سے آگاہ کرنا ہوگا جسمیں آپ معلومات پر اپنی رائے کا اظہار کرسکتے ہیں یا اسکول ڈسٹرکٹ کے فیصلے سے متفق نہ ہونے کی وجوہات بیان کرتے ہوئے اپنا موقف پیش کرسکتے ہیں۔ آپکے بچے کے ریکارڈز میں درج ہر وضاحت کو اسکول ڈسٹرکٹ میں آپکے بچے کے ریکارڈز کے ایک حصے کی حیثیت سے برقرار رکھا جانا چاہئے، اور یہ اتنے عرصے کے لئے جبتک ریکارڈ یا اسکا وہ حصہ جو تنازع کا باعث ہے اسکول ڈسٹرکٹ میں برقرار رہتا ہے۔ اگر ڈسٹرکٹ کی جانب سے ریکارڈز کسی پارٹی کو ظاہر کئے جاتے ہیں تو وضاحت بھی ظاہر کرنا ضروری ہے۔

## والدین کے حقوق کی منتقلی

آپکا بچہ 18 سال کی عمر میں بالغ طالب علم ہوجاتا ہے۔ تمام والدین کے حقوق جو اس دستاویز میں زیر بحث آئے ہیں اس وقت آپکے بچے کو منتقل ہوجائیں گے، سوائے اس صورت کے جب اسکول ڈسٹرکٹ کو دوسری اطلاع دی گئی ہو۔ آپ تمام تحریری پیشگی نوٹس وصول کرنے کے حق میں حصے دار ہونگے اور اسکول یہ نوٹس آپکو اور آپکے بچے دونوں کو فراہم کرے گا۔

بچے کی سترھویں 17 سالگرہ پر یا اس سے پہلے، IEP ایک بیان مشتمل کرے گی کہ آپ اور آپکے بچے کو یہ اطلاع دی گئی ہے کہ یہ حقوق اٹھارویں (18) تاریخ پیدائش پر منتقل ہوجائیں گے۔ اسکے ساتھ، اس میٹنگ میں آپ "*تعلیمی فیصلے کرنے کے حقوق کی نمائندگی*" کا فارم وصول کریں گے۔

آپ کا بچہ آپکو یا کسی دوسرے فرد کو نمائندگی دینے کے لئے اس فارم کو استعمال کرسکتا ہے جس سے وہ آپکو یا کسی دوسرے فرد کو اسکے تعلیمی مفاد کی نمائندگی، بلوغت کی عمر تک پہنچنے کے بعد، کرنے کے لئے منتخب کرسکتا ہے۔ یہ فارم مقامی اسکول ڈسٹرکٹ کو پیش کرنا چاہئے۔

خقوق کی نمائندگی کے فارم میں اس فرد کی شناخت ہونے چاہئے جسے آپکے بچے کے تعلیمی حقوق کی نمائندگی کے لئے پیش کیا گیا ہے اور اس فرد کے اور آپکے بچے کے دستخط ہونے چاہئے (یا دوسرے ذرائعے سے، جیسے آوڈیو یا ویڈیو فارمیٹ جو اسکی معذوری سے مطابقت رکھتے ہو)۔

آپکا بچہ کسی بھی وقت حقوق کی نمائندگی کو ختم کرکے اپنے تعلیمی فیصلے خود کرنا شروع کرسکتا ہے۔ حقوق کی نمائندگی دستخط کرنے کے بعد ایک سال تک برقرار رہتی ہے اور اسکی ہرسال تجدید کی جا سکتی ہے۔

اس والدین کے حقوق کے بیان کو ریستہائے متحدہ کے تعلیمی ادارہ، خاص تعلیمی پروگرام کے دفتر *United State Department of Education, Office of Special Education Programans,* نے تشکیل دیا ہے ور الینو۴س ستیٹ کے تعلیمی بورڈ *Illinois State Board of Education (ISBE)* نے اسکی ایلینوئس کے اصولوں سے مطابق کرنے کے لئے ترمیم کی ہے۔

مستند "معذوری کے حامل افراد کی تعلیم کے ایکٹ *2004* " *Individuals with Disabilities Education Act of 2004 (IDEA 2004)* پر قانون کی حیثیت سے *3* دسمبر *2004* کو دستخط ہوئے۔

**ضمیمہ**

**پولیسی سٹیٹمینٹ**
**کم ترین سختیوں والا ماحول**
**الینوئس ریاست کا تعلیمی بورڈ**

**فروری 2000**

**ریاستی تعلیمی بورڈ کا عہد ذمہ داری**

الینوئس تعلیمی بورڈ ("ISBE") نے ان ضروریات کے حصول کے لئے جن کا تقاضہ معذوریوں کے حامل افراد کا تعلیمی قانون ("IDEA "97) 1997میں اور اس سے منسلک ضابطوں -34 C.F.R. §300.550 330.556 میں ہے، اس پالیسی "کم ترین سختیوں کا ماحول (LRE)" کو منظور کیا اور اپنایا ہے۔ آئی ایس بی ایس (ISBE) یقین دلاتی ہے کہ جیسا کہ فیڈرل قانونوں، اصولوں اور ضابطوں کا مطالبہ ہے کہ ریاست الینوئس میں ایک معقول کمترین سختی کی (LRE) پالیسی اور متعلقہ اصول اور ضابطہ بروئے کار ہیں اس بات کو یقینی بنانے کے لئے کہ پبلک اور پرائویٹ ادارے اور سہولتیں ریاستی بورڈ کے کنٹرول میں رہیں اور حلقہ عدلیہ اس سے واقف ہو اور کم ترین سختی (LRE) کے عقیدے پر عمل کریں، ISBEعملی اور آشکارا لیڈرشپ فراہم کرے گا۔

**کم ترین سختی کے ماحول میں پلیسمینٹ**

کم ترین سختی (LRE) کا مطالبہ ہے کہ زیادہ ترین مناسب حد تک معذوریوں کے حامل والے 3 سے 21 سال عمر کے طلبا کو پبلک یا پرائیویٹ اداروں یا دوسری نگران سہولتوں میں، ان بچوں کے ساتھ تعلیم دی جائے جن کو معذوری نہیں ہے [34 C.F.R. §300.550 (b)(1)]آئی ایس بی ای ISBE پروگرام اور ان اداروں کو مونیٹر کرے گا جو معذوریوں کے حامل والے طلبا کو خدمات پیش کرتے ہیں، اس بات کو یقینی بنانے کے لئے کہ پہلی پلیسمینٹ کا انتخاب عام ریگولر تعلیمی ماحول میں ضرورت کے مطابق اضافی مدد اور سروسز کے ساتھ ہو۔ خاص کلاسیں، علیحدہ اسکولنگ، یا دوسری پلیسمینٹیں جن کے ذریعے معذوری کے حامل طلبا کو ریگولر تعلیمی ماحول سے ہٹایا جاتا ہے صرف اس صورت میں بروئے کار آنا چاہئے جب طالب علم کی انفرادی تعلیمی پروگرام ("IEP") ٹیم یہ تعین کرے کہ معذوری کی قسم اور شدت ایسی ہے کہ ریگولر کلاس میں تعلیم سے، اضافی امداد اور خدمات کے باوجود مطمین بخش نتائج حاصل نہیں کئے جاسکتے۔

**متبادل پلیسمینٹ کا تدریجی تسلسل**

ہر ذمہ دار پبلک اور پرائیویٹ ایجنسی کو لازم ہے کہ ISBE کو یقین دہانیاں فراہم کرے کہ متبادل پلیسمینٹ کا تدریجی تسلسل دستیاب ہے جس سے معذوریوں کے حامل طلبا کی ضروریات کو پورا کیا جاتا ہے اور یقینی بنایا جاتا ہے کہ ان طلبا کو خاص تعلیم اور متعلقہ خدمات انکی ضروریات کے مطابق میسر ہیں۔ متبادل پلیسمینٹ کے تدریجی تسلسل میں ریگولر کلاسوں کی انسٹرکشن، خاص کلاسیں، خاص اسکول، گھر پر انسٹرکشن اور ہسپتالوں اور اداروں میں انسٹرکشن شامل ہونا ضروری ہیں، اور اضافی خدمات ضرور فراہم کرنا چاہئے۔ انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) کو اپنے پلیسمینٹ کے فیصلے کی بنیاد معذوری کے حامل طالب علم کی پہطانی ہوئی ضروریات پر رکھنا چاہئے۔ ٹیم کو پہلے یہ تعین کرنا چاہئے کہ کیسے یا کیا طالب علم کی ضروریات کو ریگولر تعلیمی کلاسوں میں انفرادی سہارے اور امداد سے حاصل کیا جا سکتا ہے۔ اسے LRE کی پرووِیژن اور طالب علم کی ضروریات کے لحاظ سے زیادہ سخت انتخاب کو صحیح ثابت کرنے کے قابل ہونا چاہئے۔

**پلیسمینٹس**

ہر پبلک یا پرائویٹ ایجنسی کو، جو معذوری کے حامل طلبا کی تعلیمی پلیسمینٹ کا تعین کرتی ہے، ISBE کو یقین دلانا ہوگا کہ:

1. پلیسمینٹ کی بنیاد معذوری کے حامل انفرادی طالب علم کی ضروریات کی پہچان پر ہے جو انکی اپنی اپنی IEP میں ہے اور صرف اس وقت زیر غور آتی ہیں جب ہدف اور مقصد/ بینچ مارکس کا تعین ہوچکا ہو۔

2. معذوری کے حامل طالب علم کی پلیسمینٹ کا فیصلہ کچھ افراد کا گروپ لیتا ہے، جسمیں والدین اور بچے کے متعلق علم رکھنے والے دوسرے لوگ شامل ہوتے ہیں۔ یہ گروپ جائزہ لے گا اور متعلقہ معلومات کو جانچے گاا اور ہر بچے کی مخصوص ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے مناسب پلیسمینٹ کو منتخب کرنے پر غور کرے گا۔

3. پلیسمینٹ کا فیصلہ ریاستی اور فیڈرل قانون، اصولوں اور ضابطوں میں حوالہ دئے ہوئے LRE پروویژن کے مطابق ہو۔

4. معذوری کے حامل طلبا کی پلیسمینٹ کا تعین کم سے کم سال میں ایک دفعہ ہونا چاہئے۔

5. پلیسمینٹس کو جتنا ممکن ہے اسکولوں سے قریب رکھا گیا ہے۔ پہلی ترجیح ایسے اسکول کو دینی چاہئے جہاں طالب علم داخلہ لیتا اگر معذور نہ ہوتا، اور دوسری پلیسمینٹوں پر صرف اس صورت میں غور کرنا چاہئے جب IEP ٹیم تعین کرے کہ طالب علم کو کم ترین سختی کے ماحول میں مفت مناسب پبلک تعلیم کے لئے ایک مختلف مقام کی ضرورت ہے۔

6. معذوری کے حامل والے طالب علم کے لئے جنرل تعلیمی سیٹنگ میں پورے وقت کی پلیسمینٹ اس صورت میں مناسب نہیں جب طالب علم اضافی امداد اور خدمات کے باوجود تمام یا جزوی طور پر جنرل تعلیمی سیٹنگ میں اسقدر انتشار پیدا کرنے والا ہو کہ اس سے دوسرے طلبا کی پڑھائی پر بھی برا اثر پڑتا ہو۔

7. معذوری کے حامل طلبا کو صرف اس بنا پر اسکی عمر کی مناسبت سے ریگولر کلاس روم سے نہیں ہٹایا جاسکتا کہ اسے جنرل نصاب میں ترمیم یا مدد یا خدمات کی ضرورت ہوسکتی ہے اور نہ ہی صرف انتظامیہ کی اپنی آسانی کے لئے۔

8. زیادہ ترین مناسب حد تک، معذور طلبا، ریگولر تعلیمی نصاب میں شامل رہتے ہیں۔ انفرادی تعلیمی پروگرام میں بچے کی معذوری کے اسکی پروگریس پر اور اسکے جنرل نصاب میں حصہ لینے پر پڑنے والے اثر کے متعلق بیان ضرور شامل ہونا چاہئے۔

9. ہر طالب علم کا انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) یہ بتاتا ہے کہ کیا طالب علم ریاستی اور/یا مقامی ڈسٹرکٹ کی تشخیص میں حصہ لے گا، اور اگر لے گا تو کیا پوری طرح یا جزوی طور پر، اور کیا کسی قسم کی ترمیمیں کرنا یا موافق بنانا مناسب اور ضروری ہے۔ اگر معذوری کا حامل طالب علم ان تشخیصوں سے مستثنٰی ہے تو انفرادی تعلیمی پروگرام ٹیم کونسی متبادل تشخیصی ٹیکنیکس استعمال کرے گی اور اسکور کیسے مرتب کئے جائیں گے اورانکی رپورٹ کیسے ہوگی .(34 C.F.R. §300.138-300.139)

**غیردرسی پس منظر**

ایل آر ای (LRE) کی مینڈیٹ کا اطلاق غیر درسی سروسس اور غیر نصابی اضافی سرگرمیوں پر بھی ہوتا ہے۔ اسکول ڈسٹرکٹ اور دوسری معذور طلبا کو خدمات پیش کرنے والی ایجینسیوں کو یقینی بنانا چاہئے کہ ان طلبا کو ایسی سرگرمیوں میں حصہ لینے کے برابر کے مواقع حاصل ہو(34 C.F.R. §300.553)۔ جب ڈسٹرکٹ یا مناسب پرائیویٹ ایجنسیاں معذور طلبا کے لئے غیردرسی اور غیرنصابی سرگرمیوں کا انتظام کرتی ہیں تو IEP ٹیم کو حصہ لینے کے لئے مطلوبہ اضافی امداد اور خدمات کا تعین کرنا چاہئے۔

غیردرسی اور غیرنصابی سروسس/سرگرمیوں میں شامل ہسکتی ہیں، گو ان تک محدود رہنے کی ضرورت نہیں، مندرجہ اجزا: غذا، آرام کا وقفہ، مشاوراتی سروسس، اتھلیٹکس، ٹرانسپورٹیشن، صحت، تفریحی سرگرمیاں، خاص مفادی گروپ، ایجنسی کو ریفریلز جو معشور افراد کو مدد پہنچاتے ہیں، اور طلبا کی ملازمت، پبلک ایجنسی کی ملازمت اور بیرونی ملازمت کو ممکن بنانا .[34 C.F.R. §300.306(b)]

**بچے پبلک، یا پرائیویٹ اداروں میں**

اس بات کو یقینی بنانے کے لئے کہ معذوریوں کے حامل طلبہ LRE میں تعلیم پائیں اور انہیں مفت مناسب پبلک تعلیم ملے، ISBEمناسب پبلک اور پرائیویٹ اداروں اور انسے منسلک ریاستی ایجنسیوں کے ساتھ سمجھوتا کرے گی۔

**ٹیکنیکل مدد اور ٹرینگ**

اس بات کو کہ ٹیچروں اور پبلک ایجنسیونکے ایڈمنسٹریٹروں کو جو ایسے طلبا کو جنکو معذوریاں ہیں ISBE یقینی بنائے گی کہ وہ LRE کے تقاضوں کو پورے طور عمل میں لانے کی اپنی ذمہ داریوں سے باخبر رہیں۔ اس جدوجہد میں مدد کرنے کی غرض سے ISBE ٹیکنیکل امداد اور ضروری ٹرینگ فراہم کرے گی۔

**مونیٹرنگ سرگرمیاں**

یہ یقین کرنے کے لئے کہ LREکے تقاضوں پر عمل ہورہا ہے ISBEپبلک ایجنسیوں کو مونیٹر کرے گی۔ اگر کو شواہد معلوم ہوئے کہ ایسی پلیسمینٹس کی گئی ہیں جو LRE کی ہدایات سے مطابقت نہیں رکھتیں، تو اسکا عملہ پبلک ایجنسی کی ذمہ داریوں اور دستاویزوں کا جائزہ لے گا اور پھر ایجنسی کو منصوبہ بنانے میں مدد دے گا اور حسب ضرورت درستگی کا عمل کرے گا۔